dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
کوئٹہ
بلوچستان آبزرور
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | بدھ 29 جولائی 2026ء | 14 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 113

امن دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی، سرفراز بگٹی

رکھنی میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا سرچ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے، دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے کی جا رہی ہیں

امن دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی‘ دہشتگردوں کو فرار ہونے یا عوام کے امن کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی‘ وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ رکھنی میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا سرچ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے، دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے کی جا رہی ہیں اور ریاست دشمن عناصر کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کر رہے ہیں، امن دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کو فرار ہونے یا عوام کے امن کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے رکھنی میں دہشتگردوں کی فائرنگ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

گوادر: بلوچستان حکومت کا پاک چین ہسپتال میں طبی سہولیات بڑھانے کا فیصلہ

مقامی سطح پر مزید طبی سہولیات کی دستیابی کے باعث متعدد مریضوں کو علاج کیلئے کراچی، کوئٹہ اور دیگر شہروں کا سفر کرنے کی ضرورت کم ہو گئی ہے

ایم آر آئی، کارڈیالوجی اور نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت، گوادر ہسپتال میں نئی سہولیات شامل

گوادر (این این آئی) بلوچستان حکومت نے گوادر میں واقع جی ڈی اے پاک۔چین فرینڈ شپ ہسپتال میں ماہر طبی خدمات، تشخیصی سہولیات اور انتہائی نگہداشت (کریٹیکل کیئر) کی خدمات کو وسعت دینے کا فیصلہ کرلیا۔ گوادر پرو کے مطابق یہ فیصلہ بلوچستان کے چیف سیکریٹری شکیل قادر خان کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں کیا گیا جس میں ہسپتال کی موجودہ خدمات، مالی ضروریات اور توسیعی منصوبوں کا (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

قائداعظم لائبریری کوئٹہ کو پاکستان کی مثالی اور جدید لائبریری بنائیں گے، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کا قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طلبہ کی دہائی پر نوٹس، چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طلبہ کی دہائی پر فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کیا، جہاں انہوں (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

غزہ کے الصبرہ محلے میں اسرائیلی فضائی حملوں سے تباہ ہونے والے گھر سے 99 شہدا کی باقیات برآمد

غزہ (این این آئی) غزہ کے الصبرہ محلے میں اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجہ میں تباہ ہونے والے گھر سے 99 شہدا (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے امریکی کانگریس کے وفد کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی، توانائی اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے امریکی کانگریس کے ایک وفد نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق امریکی کانگریس کے وفد میں ریان زنکے اور مائیکل باؤمگارٹنر شامل تھے۔ وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وزیرخزانہ کی زیرصدارت جی ایم مکئی کمیٹی کا دوسرا اجلاس، ورکنگ گروپ قائم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیرصدارت جینیاتی طور پر تبدیل شدہ (جی (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف وفاقی حکومت کی رائٹ سائزنگ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مصنوعی ذہانت کے فروغ کیلئے حکومت کا 7 قومی اے آئی حب قائم کرنے کا فیصلہ

اے آئی حب لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، مظفرآباد اور گلگت میں بنیں گے

لاہور (این این آئی) حکومت نے مصنوعی ذہانت کے فروغ کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ملک بھر میں سات قومی اے آئی حب قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وزارت آئی ٹی کی دستاویز کے مطابق نیشنل اے آئی ایڈوانسمنٹ انیشی ایٹو کے تحت اے آئی حب لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، مظفر آباد اور گلگت میں قائم کیے جائیں گے۔ اے آئی حب میں جدید دفاتر (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

ختم کی گئی آسامیوں اور اداروں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے، شہباز شریف

رائٹ سائزنگ اقدامات سے سول حکومت کے اخراجات کا جی ڈی پی میں تناسب کم ہوا، مختلف وزارتوں اور سرکاری محکموں میں خالی آسامیوں کا خاتمہ کر دیا گیا ہے

جدید ٹیکنالوجی اور بہتر تربیت سے سرکاری اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جائے، وزیراعظم کا رائٹ سائزنگ کے تحت کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی اور بہتر تربیت سے سرکاری اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جائے، رائٹ سائزنگ کے تحت ختم کی گئی آسامیوں اور اداروں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت وفاقی حکومت کے حجم میں کمی اور حکومتی استعداد کار بڑھانے سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی اور بہتر تربیت سے سرکاری اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جائے، وزیراعظم نے کہا کہ غیر ضروری آسامیوں اور عہدوں کا خاتمہ اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ رائٹ سائزنگ کے اقدامات کے تحت یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن، پاک پی ڈبلیو ڈی اور پاسکو بند کیے جا چکے ہیں جن سے قومی خزانے کو بچت ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ رائٹ سائزنگ کے تحت ختم کی گئی آسامیوں اور (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے ڈاکٹرز تنظیموں کے وفد کی ملاقات

حکومت صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے‘ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں ڈاکٹرز تنظیموں کے ایک نمائندہ وفد نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور انہیں صوبے میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ڈاکٹرز کو درپیش پیشہ ورانہ امور اور طبی سہولیات کی بہتری سے متعلق مختلف تجاویز سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی بھی موجود تھے وفد میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ کے صدر (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

نیتن یاہو مجھے جنگ میں پھنسائے رکھنا چاہتے ہیں، ٹرمپ

آبنائے ہرمز ہماری گرفت میں ہے

نیتن یاہو ایران کی جوہری سرگرمیوں سے متعلق معلومات مجھے نہیں دنیا کو بتائے۔ مجھے ان کی معلومات کی ضرورت نہیں، ملاقات سے قبل بیان

ایران کے ساتھ اب ہماری پوزیشن بہت مضبوط ہے، ہم ایران کے پاور پلانٹس اور پلوں پر حملوں سے گریز کریں گے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نیتن یاہو کو آڑے ہاتھوں لے لیا اور کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم مجھے جنگ میں پھنسائے رکھنا چاہتے ہیں۔ امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ نیتن یاہو ایران کی جوہری سرگرمیوں سے متعلق (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران چاہے بارودی سرنگیں بچھائے یا حملے کرے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی زیرصدارت بیرون ملک پاکستان کے سفارتی مشنز کی تنظیم نو سے متعلق قائم کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بیرون ملک پاکستان کے سفارتی مشنز کی تنظیم نو سے متعلق قائم کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ کمیٹی نے بیرون ملک پاکستانی سفارتی مشنز کے انتظامی اور عملی ڈھانچے کا جامع جائزہ لینے کے بعد اپنی سفارشات کو حتمی شکل دی جو منظوری کیلئے وزیراعظم کو پیش کی جائیں گی

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ڈاکٹرز تنظیموں کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے

جدید اور مؤثر لاجسٹکس نظام ہی برآمدات میں اضافے اور معاشی ترقی کی ضمانت ہے، احسن اقبال

تربیت حاصل کرنے والوں کو غیر ملکی زبانوں کی تعلیم بھی دی جائے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات اور چیئرمین قومی لاجسٹکس بورڈ احسن اقبال نے کہا ہے کہ جدید اور مؤثر لاجسٹکس نظام (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

اقتصادی پابندیاں ایران کو بمباری سے زیادہ نقصان پہنچا سکتی ہیں، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکام کا کہنا ہے کہ ایران کے خلاف طویل مدت میں فوجی کارروائی سے زیادہ اقتصادی دباؤ مؤثر ثابت ہوسکتا ہے۔ امریکی میڈیا ایکسیوس (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن، ووٹ پر ڈاکہ مارا گیا، بلاول بھٹو زرداری

میرپور کے عوام نے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی، لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ (ن) لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

مظفرآباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے الیکشن میں میرپور اور کوٹلی کے ووٹ پر ڈاکہ مارا گیا، ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ہمارے لیے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد زیادہ اہم ہے، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر، انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

چاغی، پدگ میں مسلح افراد کی فائرنگ، 5 ٹرالر اور 2 بوزر گاڑیاں نذر آتش

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کیے

چاغی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے پدگ میں نامعلوم مسلح افراد نے ہوٹل کے سامنے کھڑی ٹرالر اور بوزر گاڑیوں پر فائرنگ کے بعد انہیں آگ لگادی، جس کے نتیجے میں پانچ ٹرالر اور دو بوزر گاڑیاں جل کر تباہ ہوگئیں، جبکہ ایک ڈرائیور زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ گزشتہ روز پیش آیا، جہاں مسلح افراد نے پہلے ہوٹل کے سامنے کھڑی گاڑیوں (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

کیچ: نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے مزدور سمیت 2 افراد جاں بحق، 6 اغوا

واقعے کے دوران فائرنگ کی زد میں آکر سولبند کے رہائشی مقامی راہ گیر عبدالرزاق ولد داد محمد بھی جاں بحق ہوگئے

واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے

تربت (این این آئی) ضلع کیچ کے علاقے کلاتک میں نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے مرکزی شاہراہ سے 7 مزدوروں کو اغوا کرلیا گیا فائرنگ سے ایک راہگیر اور مغوی جاں بحق ہوگئے پولیس کے مطابق کیچ میں کلاتک میں مزدوری کے بعد تربت واپس جانے والے ان مزدوروں کو نامعلوم مسلح افراد شناخت کے بعد اپنے ساتھ لے گئے مغویوں میں چار پنجابی اور تین پختون شامل ہیں۔ بعد ازاں سورگ کے مقام (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

یوکرینی حکومت کا ایرانی تجارتی جہاز کو تباہ کرنا ایران پر حملہ ہے، ترجمان کریملن

ماسکو (این این آئی) روس نے بحیرہ کیسپین میں ایرانی جہاز پر یوکرینی حملے کو ایران پر حملہ قرار دیدیا۔ ماسکو سے عرب میڈیا کے مطابق روسی صدارتی محل کریملن کے ترجمان (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

بارکھان‘ مسلح افراد کی پولیس کی گاڑی پر فائرنگ‘ ڈی ایس رکھنی مرید بگٹی شہید

اطلاع ملنے پر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری ملزمان کی گرفتاری کیلئے موقع پر پہنچ گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بارکھان کے علاقے کھیتہ چوکی کے مقام پر مسلح افراد کی پولیس کی گاڑی پر فائرنگ سے ڈی ایس رکھنی مرید بگٹی شہید ہوگئے، ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری نے علاقے کی (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

امریکی و ایرانی حملوں میں وقفہ تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی

نیویارک (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کا دہشت گردی کے سویلین متاثرین کیلئے معاوضہ پیکیج میں تاریخی اضافہ

دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کیلئے معاوضہ بڑھا کر 25 لاکھ روپے کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے واقعات سے متاثرہ سویلین افراد کی مالی معاونت اور بحالی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کیلئے "بلوچستان سویلین وکٹمز آف ٹیررازم (ریلیف اینڈ ری ہیبلیٹیشن) ایکٹ، "2014 (بشمول ترامیم 2025) کے تحت معاوضے کی مختلف مدات میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں کا ہر قیمت پر قلع قمع کیا جائیگا‘ شاہد رند

حکومت بلوچستان دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی

دہشتگردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ڈی ایس پی مرید بگٹی جام شہادت نوش کر گئے جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا‘ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ رکھنی میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا سرچ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے جبکہ آپریشن کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اضافی نفری بھی طلب کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کا محاصرہ کر کے دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ہے اور آپریشن (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طالب علموں کے مسائل سن رہے ہیں

پشتون علاقوں کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کرینگے، محمود اچکزئی

بلوچستان میں اضلاع کی تقسیم کے معاملے پر جرگہ بلایا جائیگا پوری قوم کو کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ کشمیر میں کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کی شدید مذمت

29، 30 اور 31 اگست کو کوئٹہ میں جرگہ طلب کیا جائے گا، قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہو چکی ہے، پشتون علاقوں کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کریں گے، جبکہ 29، 30 اور 31 اگست کو کوئٹہ میں جرگہ طلب کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندرونی حالات باعث تشویش ہیں، ملک میں برائے نام اسمبلیاں اور سینیٹ موجود ہیں۔ انہوں نے کشمیر میں کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کی شدید (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

ارلی وارننگ سسٹم کے باعث جانی و مالی نقصان میں نمایاں کمی آئی، عطا تارڑ

ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکومت کا ردعمل مؤثر رہا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

نیتن یاہو کے امریکی دورے کیخلاف واشنگٹن میں مظاہرہ، گرفتاری کا مطالبہ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے امریکا کے دورے کے خلاف واشنگٹن ڈی سی میں مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج کے دوران امریکی مظاہرین (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن، بلاول شکست تسلیم کر کے سپورٹس مین سپرٹ کا مظاہرہ کریں، احسن اقبال

پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے دھاندلی کے الزامات بے بنیاد اور غیر جمہوری رویے کی عکاسی کرتے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو شکست تسلیم کریں اور سپورٹس مین سپرٹ کا مظاہرہ کریں۔ وفاقی وزیر طارق فضل (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

تمبو میں دھماکے سے متاثرہ بجلی ٹاور کی مرمت کا کام مکمل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو خانکوٹ بارودی سرنگ کے دھماکے سے متاثر ہونے والے بجلی ٹاور کی مرمت مکمل جبکہ واقعہ (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

پاک بحریہ کے 4 کموڈورز کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کے کموڈور تصور اقبال، کموڈور محمد عمیر، کموڈور شاہد واصف اور کموڈور راحمد عمران (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری انوارالحق اپنا کھیت پروگرام میں کسانوں کو زمین کی دستاویزات دے رہے ہیں

عوامی مسائل کے حل میں غیرضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں، علی مدد جتک

کھلی کچہری کا مقصد عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے کم کرنا اور لوگوں کو ان کی دہلیز پر فوری ریلیف فراہم کرنا ہے

تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ادا کریں‘ صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ جتک ہاؤس، آصف آباد میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور ان کے فوری حل کیلئے متعلقہ حکام کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں شہریوں، معززین علاقہ، پارٹی کارکنان اور مختلف وفود نے شرکت کی۔ اس موقع (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی محترمہ غزالہ گولہ ملاقات کر رہا ہے

تیز ترین انٹرنیٹ کیلئے فائیو جی سروس فراہم کر رہے ہیں، شزہ فاطمہ

وزیراعظم کا عزم ملک میں بہترین انٹرنیٹ کی فراہمی اور ڈیجیٹل پاکستان ہے، صوبے اس حوالے سے مل کر بہترین کام کر رہے ہیں

آئی ٹی سیکٹر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، آئی ٹی برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ملک میں تیز ترین انٹرنیٹ فراہم کرنے کے لئے فائیو جی انٹرنیٹ سروس فراہم کر رہے ہیں، آئی ٹی برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ منگل کو جی ایس ایم اے ڈیجیٹل نیشن پاکستان کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ آئی ٹی سیکٹر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، آئی ٹی (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی وزیراعظم کے امریکی دورے کیخلاف واشنگٹن میں مظاہرہ، گرفتاری کا مطالبہ

امریکی حکومت عالمی فوجداری عدالت کے وارنٹ پر عمل کرتے ہوئے نیتن یاہو کو گرفتار کرے‘ مظاہرین

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے امریکا کے دورے کے خلاف واشنگٹن ڈی سی میں مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج کے دوران امریکی مظاہرین نے امریکا (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات: ن لیگ سب سے آگے، عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، رانا ثناء اللہ

امید ہے منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے مؤثر کردار ادا کریں گے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

عوام کے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائیگا‘ سلیم کھوسہ

سندھ کی جانب سے اس نالے کا پانی بھی حیردین ڈرینج میں چھوڑا گیا تو ضلع صحبت پور، جعفرآباد اور اوستہ محمد کو شدید سیلابی خطرات لاحق ہو جائیں گے

سندھ کی جانب سے بغیر این او سی نالہ تعمیر کر کے اسے حیردین ڈرینج میں شامل کرنے کی کوشش قابل قبول نہیں، صوبائی وزیر

نصیرآباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے سندھ کی جانب سے بغیر این او سی نالہ تعمیر کر کے اسے حیردین ڈرینج میں شامل کرنے کی کوشش پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحبت پور، جعفرآباد کے عوام کے مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حیردین ڈرینج پہلے ہی اپنی گنجائش سے زیادہ پانی برداشت کر رہی ہے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

حکومت نے دیت کی رقم دگنی کر کے 1 کروڑ 93 لاکھ سے زائد کر دی

مجموعہ تعزیرات پاکستان کے تحت دیت کی رقم 30,630 گرام چاندی کی مالیت سے کم نہیں ہوسکتی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے چاندی کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کے بعد مالی سال 27-2026 کیلئے دیت کی رقم میں تقریباً 97 فیصد کا بڑا اضافہ کرتے ہوئے اسے 1 کروڑ 93 لاکھ 52 ہزار روپے سے زائد مقرر کر دیا ہے جو گزشتہ مالی سال کے دوران 98 لاکھ 29 ہزار روپے تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ نے تعزیرات پاکستان (ایکٹ XLV بابت 1860) کی دفعہ 323 کے ذیلی شق (2) کے تحت ایک نوٹیفکیشن (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، سید اقبال شاہ، حیات اچکزئی اور بلوچ خان گورگیج ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان امریکہ تعلقات مثبت سمت میں گامزن ہے‘ دانیال چوہدری

دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان مؤثر روابط نہ صرف باہمی اعتماد اور مفاہمت کو فروغ دیتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ پارلیمانی سفارت کاری، عوامی روابط اور باہمی تعاون کے فروغ کے ذریعے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں پاکستان-امریکہ پارلیمانی فرینڈ شپ گروپ اور امریکی کانگریسی وفد کے درمیان ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقات کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بالمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کیلئے وزیراعظم قومی پروگرام کا آغاز خوش آئند ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہریوں کی ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سے بچاؤ کیلئے معیاری سکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات تک بلاامتیاز رسائی کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کیلئے وزیراعظم قومی پروگرام کا آغاز ایک تاریخی اور غیر معمولی اقدام ہے۔ پاکستان ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر دنیا کے ساتھ مل کر اس موذی مرض کے خاتمے کیلئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہے اور کئی دہائیوں سے صحت عامہ کے اس مسئلہ سے دوچار ہے، ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سے بچاؤ کیلئے شہریوں کو معیاری سکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات تک بلاامتیاز رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ حکومت پاکستان نے اس قابل انسداد اور قابل علاج مرض کے سدباب کیلئے 2025 میں وزیراعظم قومی پروگرام برائے خاتمہ ہیپاٹائٹس سی کا آغاز کیا جو ایک تاریخی اور غیر معمولی اقدام ہے، اس پروگرام کا مقصد لاکھوں پاکستانیوں کو بروقت مفت سکریننگ، تصدیقی تشخیص اور موثر علاج کی سہولیات فراہم کرنا ہے، اس پروگرام کے عملی نفاذ کے تحت اسلام آباد میں سکریننگ، تشخیص اور علاج کی خدمات کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے اور تمام بڑے سرکاری صحت مراکز و ہسپتال، اس پروگرام میں بھرپور انداز میں شریک ہیں، عوام تک ان خدمات کی آسان رسائی کو یقینی بنانے کیلئے موبائل سکریننگ پروگرام بھی شروع کیے گئے ہیں، سکریننگ کے علاوہ جن افراد کو مزید تشخیص اور علاج کی ضرورت ہے انہیں کسی مالی بوجھ کے بغیر پروگرام میں شامل کیا جا رہا ہے۔ ہیپاٹائٹس جیسے موذی مرض کی روک تھام کیلئے حکومت نے غیر معیاری سرنجز کی تیاری، ترسیل اور دوبارہ استعمال پر مکمل پابندی لگائی، اس تناظر میں ہسپتالوں میں علاج معالجہ اور حفظان صحت کے اصولوں کی پابندی پر خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں اور عملدرآمد میں کوتاہی کے مرتکب عملہ کی جوابدہی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ وفاقی حکومت تمام دستیاب وسائل کے بہترین استعمال کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں، ترقیاتی شراکت داروں، طبی ماہرین اور نجی شعبے کے ساتھ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے تاکہ اس موذی مرض کے اثرات کو زائل کیا جا سکے۔ اور کوئی بھی مستحق مریض علاج سے محروم نہ رہے۔ موذی امراض بالخصوص ہیپاٹائٹس کے خلاف کامیابی حکومت کے علاوہ انفرادی و معاشرتی سطح پر کاوشوں کی متقاضی ہے۔ انہوں نے تمام پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ ہیپاٹائٹس سی کی بروقت تشخیص کیلئے سکریننگ کروائیں، اپنے اہل خانہ، دوستوں اور ساتھیوں کو بھی ٹیسٹ کرانے کی ترغیب دیں اور ایسی محفوظ طبی اور صحت بخش عادات اختیار کریں جو اس بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے میں معاون ہوں، بروقت تشخیص اور فوری علاج قیمتی جانوں کو بچانے کا ذریعہ ہے۔ امراض سے بچاؤ اور روک تھام کی جنگ میں ڈاکٹرز، نرسز، لیبارٹری ماہرین اور صحت عامہ کا تمام عملہ جو صف اول میں شریک ہے، لائق تحسین ہے۔ وزیراعظم نے خصوصی تاکید کی کہ وہ جذبہ خدمت اور پیشہ ورانہ فرائض میں انتھک محنت کی روشن مثال قائم کریں، آیئے ہم سب صحت مند پاکستان کی تعمیر کے اپنے عہد کی تجدید کریں۔ مشترکہ کاوشوں، باہمی تعاون، سائنسی جدت، عوامی شمولیت اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم 2030 تک ہیپاٹائٹس سی کو صحت عامہ کیلئے ایک بڑے خطرے کے طور پر ختم کرنے کے اپنے قومی عزم اور عالمی اہداف کو ضرور حاصل کریں گے۔ انشاءاللہ

جدید ٹیکنالوجی ہی کاروباری ترقی کا راز ہے

بات سے بات
منصور نظامانی
mansoornizamani111@gmail.com

انسانی معاشرہ مسلسل تبدیلی، جدت اور ترقی کی جانب گامزن ہے۔ آج نئی ایجادات نہ صرف انسان کی روزمرہ زندگی بلکہ کاروبار کے طریقہ کار کو بھی تیزی سے تبدیل کر رہی ہیں۔ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے کاروباری دنیا میں ایسی انقلابی تبدیلی پیدا کی ہے جسے صنعتی انقلاب کے بعد سب سے بڑی تبدیلی قرار دیا جا سکتا ہے۔ ایک وقت تھا جب کاروبار کی کامیابی کا انحصار صرف سرمایہ، دکان کے محل وقوع اور روایتی تشہیر پر ہوتا تھا، لیکن آج جدید ٹیکنالوجی کی بدولت ایک چھوٹا سا کاروبار بھی عالمی منڈی تک آسانی سے رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ اب کامیابی کا راز صرف اچھی پروڈکٹ میں نہیں بلکہ جدید ٹیکنالوجی کو سمجھنے، اسے مؤثر انداز میں استعمال کرنے اور وقت کے ساتھ جدت کو اپنانے میں پوشیدہ ہے۔

آج کے دور میں مصنوعی ذہانت (AI-IntelligenceArtificial) جدید کاروباری دنیا کی تیزی سے ترقی کرنے والی اہم ٹیکنالوجیز میں شمار ہوتی ہے۔ AI کمپیوٹروں اور مشینوں کو معلومات کا تجزیہ کرنے، مسائل کا حل تلاش کرنے اور زیادہ درست فیصلے کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے۔ دنیا کی بڑی کمپنیاں AI کی مدد سے صارفین کی عادات، مارکیٹ کے رجحانات اور مستقبل کی طلب کا تجزیہ کر رہی ہیں۔ چیٹ بوٹس، ورچوئل اسسٹنٹس اور خودکار کسٹمر سروس کے ذریعے تیز رفتار اور معیاری خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، جس سے اخراجات کم، کارکردگی بہتر اور کاروبار زیادہ منافع بخش بن رہا ہے۔

اسی طرح الیکٹرانک کامرس (Commerce Electronic-commerce-E) نے کاروبار کی روایتی حدود تقریباً ختم کر دی ہیں۔ اب ویب سائٹس، موبائل ایپس اور آن لائن مارکیٹ پلیسز کے ذریعے دنیا کے مختلف ممالک تک اپنی مصنوعات آسانی سے فروخت کی جا سکتی ہیں۔ Alibaba، Amazon اور پاکستان میں Daraz اس تبدیلی کی نمایاں مثالیں ہیں۔ ای کامرس نے کاروبار کو چوبیس گھنٹے فعال رکھنے، اخراجات کم کرنے، نئے صارفین تک رسائی حاصل کرنے اور نوجوانوں سمیت نئے کاروباری افراد کیلئے روزگار کے بے شمار مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

کلاؤڈ کمپیوٹنگ (Cloud Computing) بھی جدید کاروبار کی ایک مضبوط بنیاد بن چکی ہے۔ اس ٹیکنالوجی کے ذریعے کمپنیاں اپنا ڈیٹا، سافٹ ویئر اور اہم معلومات انٹرنیٹ پر محفوظ رکھتی ہیں، جہاں تک دنیا کے کسی بھی مقام سے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس سے مہنگے سرورز خریدنے اور ان کی دیکھ بھال کے اخراجات کم ہوتے ہیں، جبکہ مختلف شہروں اور ممالک میں موجود ملازمین بھی بیک وقت مؤثر انداز میں ایک ساتھ کام کر سکتے ہیں۔ کلاؤڈ کمپیوٹنگ کاروباری رفتار، ٹیم ورک اور شفافیت کو مزید بہتر بناتی ہے۔

ڈیٹا اینالیٹکس (Analytics Data) نے جدید کاروباری فیصلوں کا طریقہ کار یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ ہر کاروبار روزانہ بڑی مقدار میں معلومات جمع کرتا ہے، جن کا تجزیہ کر کے صارفین کی ترجیحات، مارکیٹ کے رجحانات اور مستقبل کی طلب کے بارے میں اہم معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔ Walmart، Amazon، Microsoft اور پاکستان کے متعدد بینک، ٹیلی کام کمپنیاں اور ای کامرس ادارے ڈیٹا اینالیٹکس کی مدد سے اپنی خدمات اور کاروباری حکمت عملی کو بہتر بنا رہے ہیں۔ اس طرح کاروباری فیصلے اندازوں کے بجائے حقائق اور اعداد و شمار کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں، جس سے نقصانات کم اور منافع کے امکانات زیادہ ہو جاتے ہیں۔

جدید کاروبار میں کسٹمر ریلیشن شپ مینجمنٹ (Relationship Customer CRM-Management) کی اہمیت بھی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ ہر کامیاب کاروبار کی اصل طاقت اس کے صارفین ہوتے ہیں، اس لیے ان کے ساتھ مضبوط اور طویل المدتی تعلقات قائم رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ CRM ایک ایسا نظام ہے جو صارفین کی معلومات، خریداری کی تاریخ، پسند و ناپسند، شکایات اور رابطوں کا منظم ریکارڈ محفوظ رکھتا ہے۔ اس کی مدد سے کمپنیاں ہر صارف کو اس کی ضرورت کے مطابق بہتر خدمات، بروقت معاونت اور ذاتی نوعیت کی پیشکشیں فراہم کر سکتی ہیں، جس سے اعتماد، وفاداری اور فروخت میں اضافہ ہوتا ہے۔

کاروباری ترقی میں ڈیجیٹل ادائیگیوں (Payments Digital) نے بھی ایک بڑا انقلاب برپا کیا ہے۔ پہلے زیادہ تر لین دین نقد رقم کے ذریعے ہوتا تھا، لیکن اب موبائل والٹس، آن لائن بینکنگ، کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈز، QR کوڈز اور دیگر ڈیجیٹل ادائیگی کے ذرائع نے لین دین کو زیادہ تیز، محفوظ اور شفاف بنا دیا ہے۔ پاکستان میں راست (Raast)، ایزی پیسہ (Easypaisa) اور جاز کیش (JazzCash) جیسے پلیٹ فارمز نے ادائیگیوں کو نہایت آسان بنا دیا ہے، جس سے کاروباری اعتماد اور مالی شفافیت میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

آن لائن کاروبار کی کامیابی کیلئے سرچ انجن آپٹیمائزیشن (Engine Search SEO-Optimization) بھی انتہائی اہم ہے۔ SEO ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے کسی ویب سائٹ کو گوگل اور دیگر سرچ انجنوں میں بہتر درجہ دلایا جاتا ہے۔ جب کسی کاروبار کی ویب سائٹ تلاش کے نتائج میں نمایاں مقام حاصل کرتی ہے تو زیادہ لوگ اس تک پہنچتے ہیں، جس سے برانڈ کی پہچان، صارفین کی تعداد اور فروخت میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج تقریباً ہر کامیاب آن لائن کاروبار SEO پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔

اسی طرح جدید کاروباری ادارے آٹومیشن (Automation) کو بھی تیزی سے اپنا رہے ہیں۔ آٹومیشن کے ذریعے بار بار دہرائے جانے والے کام، جیسے آرڈرز کی پروسیسنگ، اسٹاک کی نگرانی، انوائس تیار کرنا اور ای میلز بھیجنا، خودکار طریقے سے انجام پاتے ہیں۔ اس سے انسانی غلطیوں میں کمی آتی ہے، کام کی رفتار بڑھتی ہے اور ملازمین زیادہ اہم اور تخلیقی ذمہ داریوں پر توجہ دے سکتے ہیں۔ نتیجتاً کاروباری کارکردگی، معیار اور منافع میں نمایاں بہتری آتی ہے۔

صنعتی اور تجارتی شعبوں میں انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT-ThingsofInternet) نئے امکانات پیدا کر رہا ہے۔ اس ٹیکنالوجی میں مختلف مشینیں، سینسرز اور ڈیوائسز انٹرنیٹ کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک ہوتی ہیں اور حقیقی وقت میں معلومات کا تبادلہ کرتی ہیں۔ اس کے ذریعے کارخانوں میں مشینوں کی کارکردگی، گوداموں میں سامان کی دستیابی اور ٹرانسپورٹ کی نگرانی آسان ہو جاتی ہے، جس سے اخراجات کم ہوتے ہیں اور فیصلے زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

پیداواری شعبے میں روبوٹکس (Robotics) اور تھری ڈی پرنٹنگ (3D Printing) بھی کاروباری ترقی کو نئی سمت دے رہی ہیں۔ روبوٹس خطرناک یا پیچیدہ کاموں کو تیزی اور انتہائی درستگی کے ساتھ انجام دیتے ہیں، جبکہ تھری ڈی پرنٹنگ کے ذریعے نئی مصنوعات کے نمونے اور پرزے کم وقت میں تیار کیے جا سکتے ہیں۔ ان ٹیکنالوجیز کے استعمال سے پیداوار کا معیار بہتر ہوتا ہے، وقت اور لاگت میں کمی آتی ہے اور کاروبار عالمی مسابقت کیلئے مزید مضبوط بن جاتا ہے۔

جدید کاروباری دنیا میں بلاک چین (Blockchain) ایک ایسی ٹیکنالوجی کے طور پر ابھری ہے جو مالی لین دین اور کاروباری ریکارڈ کو زیادہ محفوظ، شفاف اور قابل اعتماد بناتی ہے۔ بلاک چین میں محفوظ کی گئی معلومات کو بغیر اجازت تبدیل کرنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے، جس کے باعث فراڈ اور جعل سازی کے امکانات نمایاں طور پر کم ہو جاتے ہیں۔ بینکاری، بین الاقوامی تجارت، سپلائی چین اور لاجسٹکس سمیت متعدد شعبے اس ٹیکنالوجی سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں، جس سے کاروباری اعتبار اور اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

صارفین کے تجربے کو مزید جدید بنانے کیلئے آگمینٹڈ ریئلٹی (Augmented AR-Reality) اور ورچوئل ریئلٹی (VR-RealityVirtual) کا استعمال بھی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ فرنیچر، ملبوسات، گاڑیوں اور جائیداد کے شعبوں میں صارفین خریداری سے پہلے مصنوعات کو ورچوئل انداز میں دیکھ اور آزما سکتے ہیں۔ اس سہولت سے فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے، صارفین کا اعتماد بڑھتا ہے اور مصنوعات کی واپسی کے امکانات بھی کم ہو جاتے ہیں۔

ان تمام ٹیکنالوجیز کو مزید مؤثر بنانے میں ففتھ جنریشن موبائل نیٹ ورک (5G) اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ 5G سابقہ نیٹ ورک ٹیکنالوجیز کے مقابلے میں زیادہ رفتار، کم تاخیر اور بہتر کارکردگی فراہم کرتا ہے۔ اس کی بدولت کلاؤڈ کمپیوٹنگ، ویڈیو کانفرنسنگ، اسمارٹ فیکٹریز اور انٹرنیٹ آف تھنگز جیسے نظام زیادہ مؤثر انداز میں کام کرتے ہیں، جس سے کاروباری رفتار اور پیداواری صلاحیت میں نمایاں بہتری آتی ہے۔

بڑے کاروباری اداروں کیلئے انٹرپرائز ریسورس پلاننگ (Enterprise ERP - Planning Resource) اور سپلائی چین مینجمنٹ (Supply - Management Chain SCM) نہایت اہم نظام ہیں۔ ERP اکاؤنٹنگ، خریداری، پیداوار، اسٹاک، فروخت اور انسانی وسائل کو ایک ہی پلیٹ فارم پر منظم کرتا ہے، جبکہ SCM خام مال کی خریداری سے لے کر تیار شدہ مصنوعات کی صارفین تک بروقت ترسیل کے پورے عمل کو زیادہ مؤثر بناتا ہے۔ ان نظاموں کی بدولت اخراجات کم ہوتے ہیں، وقت کی بچت ہوتی ہے اور انتظامی فیصلے زیادہ درست ثابت ہوتے ہیں۔

جب کاروبار تیزی سے ڈیجیٹل ہو رہے ہیں تو سائبر سیکیورٹی (Cybersecurity) کی اہمیت بھی غیر معمولی حد تک بڑھ گئی ہے۔ ہیکنگ، ڈیٹا چوری، مالی فراڈ اور سائبر حملوں سے بچاؤ کیلئے مضبوط حفاظتی نظام، دو مرحلہ جاتی تصدیق (Factor-Two Authentication)، ڈیٹا بیک اپ اور جدید سیکیورٹی ٹولز کا استعمال ہر کاروبار کی بنیادی ضرورت بن چکا ہے۔ صارفین کی معلومات کا تحفظ کسی بھی ادارے کی ساکھ اور طویل المدتی کامیابی کیلئے ناگزیر ہے۔

پاکستان میں بھی ٹیکنالوجی پر مبنی کاروبار تیزی سے فروغ پا رہے ہیں۔ ایزی پیسہ، جاز کیش، راست (Raast)، دراز، آن لائن بینکنگ اور دیگر ڈیجیٹل خدمات نے کاروبار کے روایتی طریقوں کو یکسر بدل دیا ہے۔ بہت سے نوجوان محدود سرمایہ کے ساتھ آن لائن کاروبار شروع کر کے نہ صرف اپنا روزگار پیدا کر رہے ہیں بلکہ دوسروں کیلئے بھی روزگار کے نئے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ اگر حکومت، تعلیمی ادارے اور نجی شعبہ مل کر ڈیجیٹل مہارتوں، تحقیق اور جدت کو فروغ دیں تو پاکستان عالمی ڈیجیٹل معیشت میں مزید مضبوط مقام حاصل کر سکتا ہے۔

آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ جدید دور میں کاروبار اور ٹیکنالوجی ایک دوسرے سے الگ نہیں رہے۔ مصنوعی ذہانت، ای کامرس، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، ڈیٹا اینالیٹکس، آٹومیشن، بلاک چین اور دیگر جدید ٹیکنالوجیز نے کاروبار کرنے کے طریقوں کو بنیادی طور پر تبدیل کر دیا ہے۔ جو کاروبار وقت کے تقاضوں کے مطابق خود کو ڈھالیں گے، جدت اختیار کریں گے اور جدید ٹیکنالوجی کو اپنی حکمتِ عملی کا حصہ بنائیں گے، وہی مستقبل کی عالمی منڈی میں کامیابی کے ساتھ اپنا مقام برقرار رکھ سکیں گے۔ آج کے دور میں ٹیکنالوجی کو اختیار کرنا ہر کامیاب کاروبار کی بنیادی ضرورت بن چکا ہے۔

☆☆☆☆

غریب عوام اور اخراجات میں بے تحاشا اضافہ

خاکسار تبسم کی قلم سے

آج کے دور میں انسان کی پریشانیوں اور معاشی بدحالی کی سب سے بڑی وجہ ان کے اخراجات میں بے تحاشا اضافہ ہے، جس کا براہِ راست تعلق پرانے اور موجودہ دور کے لوگوں کی ترجیحات کے فرق سے ہے پچھلے دور کے لوگ بنیادی ضرورتوں تک محدود تھے اور ایک سادہ، پرسکون اور متوازن زندگی بسر کرتے تھے ان کے پاس نہ تو قیمتی گاڑیاں تھیں، نہ ہر فرد کیلئے الگ موٹر سائیکل، اور نہ ہی روزانہ مارکیٹ میں آنے والے جدید اور مہنگے سمارٹ فونز وہ فضول خرچی اور نمائش سے پاک زندگی گزارتے تھے، اسی لیے ان کے اخراجات محدود اور دل کا سکون برقرار تھا آج صورتِ حال بالکل مختلف ہو چکی ہے۔ ضرورت اور خواہش کے درمیان فرق ختم ہو کر رہ گیا ہے وسائل سے زیادہ خواہشات ہر گھر میں جتنے افراد ہیں، اتنے ہی مہنگے موبائل، موٹر سائیکلاں اور آسائشیں درکار ہیں ضرورت سے زیادہ مہنگے موبائل فونز اور ان پر روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے انٹرنیٹ و کال پیلجز نے عام اور غریب آدمی کی کمر توڑ دی ہے لوگ اب اپنی سہولت کیلئے نہیں، بلکہ دوسروں کو نیچا دکھانے اور نمائش کیلئے دن رات تگ و دو کر رہے ہیں اس اندھی دوڑ نے انسان کے اخراجات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے، جس کے باعث ہر شخص ذہنی اور معاشی طور پر پریشان حال نظر آتا ہے اگر ہم واقعی ان پریشانیوں اور معاشی دباؤ سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں پرانے دور کی سادگی کو دوبارہ اپنانا ہوگا دوسروں کو متاثر کرنے کی دوڑ سے باہر نکلیں اور اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائیں جدید ترین تکنیکوں اور غیر ضروری آسائشوں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے حقیقی ضروریات پر توجہ دیں زندگی کو آسان بنائیں تاکہ نہ صرف اخراجات میں کمی آئے بلکہ حقیقی ذہنی سکون اور خوشحالی میسر آ سکے۔ آسان اور پرسکون زندگی کا راز خواہشات کے ہجوم میں نہیں، بلکہ سادگی اور قناعت میں پوشیدہ ہے

☆☆☆

لیویز فورس بحالی کی ضرورت

گوشہ چمن
03337752774
حافظ محمد صدیق مدنی
siddique.madani@gmail.com

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو اپنی جغرافیائی اہمیت، قدرتی وسائل، قبائلی روایات اور بین الاقوامی سرحدوں کی وجہ سے ملک کی سلامتی میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ صوبہ ایران اور افغانستان کے ساتھ طویل سرحدیں رکھتا ہے جہاں امن و امان کی صورتِ حال نہ صرف مقامی آبادی بلکہ پورے ملک کی داخلی سلامتی پر اثرانداز ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے گزشتہ کئی برسوں سے بلوچستان کے متعدد سرحدی اضلاع دہشت گردی، اسمگلنگ، اغوا برائے تاوان اور دیگر جرائم کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان حالات میں یہ سوال شدت سے اٹھایا جا رہا ہے کہ کیا سرحدی اضلاع میں لیویز فورس کی بحالی ہی دیرپا امن کا مؤثر ذریعہ بن سکتی ہے؟ یہ ایک حقیقت ہے کہ بلوچستان کی لیویز فورس صرف ایک قانون نافذ کرنے والا ادارہ نہیں بلکہ یہاں کی قبائلی، سماجی اور ثقافتی شناخت کا حصہ رہی ہے۔ چند سال پہلے شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے ایک تقریب سے بلوچستان کے ایک ممتاز عالم دین اور مدرسہ عربیہ بحرالعلوم گھوڑا ہسپتال روڈ چمن کے مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ لیویز اہلکار اپنے علاقوں، قبائل، رسم و رواج، جغرافیے اور مقامی آبادی سے مکمل واقفیت رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ عوام کے درمیان اعتماد کی علامت سمجھے جاتے رہے ہیں۔ جب بھی کسی تنازع، جرائم یا سکیورٹی کے مسئلے نے جنم لیا لیویز فورس نے مقامی عمائدین اور قبائلی روایات کو ساتھ لے کر معاملات کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ بلوچستان کے عوام کی ایک بڑی تعداد کا مؤقف ہے کہ جس وقت لیویز فورس کو ختم کر کے یا پولیس میں ضم کر کے روایتی نظام کو تبدیل کیا گیا اسی وقت سے امن و امان کی صورتحال مزید پیچیدہ ہوتی گئی۔ اگرچہ اس اقدام کا مقصد ایک جدید پولیس نظام قائم کرنا تھا لیکن زمینی حقائق نے ثابت کیا کہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع کا ماحول دیگر شہروں سے مختلف ہے۔ یہاں صرف جدید پولیسنگ کافی نہیں بلکہ مقامی سماجی ڈھانچے اور قبائلی نظام کو بھی ساتھ لے کر چلنا ضروری ہے۔ سرحدی علاقوں میں تعینات ایک ایسا اہلکار جو مقامی زبان، ثقافت، قبائلی روایات، راستوں اور لوگوں سے مکمل آگاہ ہو وہ کسی بھی غیر مقامی اہلکار کے مقابلے میں کہیں زیادہ مؤثر انداز میں فرائض انجام دے سکتا ہے۔ یہی خصوصیت لیویز فورس کو منفرد بناتی تھی۔ لیویز اہلکار نہ صرف مشکوک افراد کی شناخت جلد کر لیتے تھے بلکہ مقامی عمائدین کے ذریعے تنازعات کو بڑھنے سے پہلے ہی ختم کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے تھے۔ آج بلوچستان کے مختلف اضلاع خصوصاً چمن، قلعہ عبداللہ، نوشکی، واشک، پنجگور، کیچ اور دیگر سرحدی علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات، سرحد پار نقل و حرکت، منشیات اور اسلحے کی اسمگلنگ جیسے مسائل قومی سلامتی کیلئے ایک بڑا چیلنج بن چکے ہیں۔ ایسے حالات میں صرف طاقت کا استعمال کافی نہیں بلکہ مقامی اعتماد، معلومات اور عوامی تعاون بھی ضروری ہے، اور یہ اعتماد لیویز فورس کے ذریعے زیادہ مؤثر انداز میں حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیویز فورس کی سب سے بڑی طاقت عوام کے ساتھ اس کا مضبوط رشتہ تھے۔ عام شہری لیویز اہلکار کو اپنے ہی گاؤں یا قبیلے کا فرد سمجھتے تھے اس لیے وہ بلا خوف و خطر معلومات فراہم کرتے تھے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بروقت معلومات سب سے اہم ہتھیار ہوتی ہیں اور یہ معلومات صرف اسی وقت حاصل ہوتی ہیں جب عوام قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد کریں۔ اس کے برعکس، پولیس کا نظام بنیادی طور پر شہری علاقوں کیلئے تشکیل دیا گیا تھا، جہاں قانون نافذ کرنے کے تقاضے مختلف ہوتے ہیں۔ بلوچستان کے دورافتادہ سرحدی علاقوں میں قبائلی روایات، جغرافیائی دشواریاں اور سماجی حساسیت ایسی ہیں کہ وہاں مقامی نوعیت کے ادارے زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ متعدد قبائلی عمائدین، سیاسی رہنما، سماجی شخصیات اور عوامی حلقے بارہا لیویز فورس کی بحالی کا مطالبہ کرتے رہے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ لیویز فورس کی بحالی کا مطلب ہرگز پولیس کی مخالفت نہیں بلکہ دونوں اداروں کو ان کی مہارت کے مطابق ذمہ داریاں دینا ہے۔ شہری علاقوں میں پولیس اپنا کردار ادا کرے جبکہ سرحدی اور قبائلی اضلاع میں لیویز فورس کو دوبارہ فعال بنایا جائے تاکہ دونوں ادارے ایک دوسرے کے معاون بن سکیں۔ اس سے نہ صرف وسائل کا بہتر استعمال ہوگا بلکہ امن و امان کی صورتحال بھی بہتر ہو سکے گی۔ حکومت اگر واقعی بلوچستان میں پائیدار امن چاہتی ہے تو اسے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی پالیسیاں اختیار کرنا ہوں گی جو عوام کی خواہشات اور مقامی ضروریات سے ہم آہنگ ہوں۔ صرف دفاتر میں بیٹھ کر بنائی گئی پالیسیاں اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتیں جب تک ان میں مقامی تجربات اور عوامی اعتماد کو شامل نہ کیا جائے۔ لیویز فورس کی بحالی کے ساتھ ساتھ اس کی جدید خطوط پر تربیت، جدید اسلحہ، مواصلاتی نظام، گاڑیوں، نگرانی کے آلات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ بھی ضروری ہے۔ اگر لیویز فورس کو جدید سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ نہ صرف دہشت گردی بلکہ اسمگلنگ، منشیات اور دیگر جرائم کے خلاف بھی زیادہ مؤثر کردار ادا کر سکتی ہے۔ بلوچستان میں امن صرف فوجی کارروائیوں سے ممکن نہیں بلکہ عوامی اعتماد، مقامی شراکت داری، ترقیاتی منصوبوں اور انصاف کی فراہمی سے بھی وابستہ ہے۔ لیویز فورس انہی عناصر کو مضبوط بنانے والا ایک اہم ستون ثابت ہو سکتی ہے۔ مقامی نوجوانوں کو لیویز میں بھرتی کرنے سے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے اور نوجوان اپنے علاقوں کے تحفظ میں عملی کردار ادا کریں گے۔ بلوچستان کے سرحدی اضلاع پاکستان کی پہلی دفاعی لائن ہیں۔ اگر ان علاقوں میں امن قائم ہوگا تو اس کے مثبت اثرات پورے ملک پر مرتب ہوں گے۔ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا جبکہ عوام میں احساسِ تحفظ بھی بڑھے گا۔ وقت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے عوام کی آواز سنیں۔ اگر عوام کی اکثریت لیویز فورس کی بحالی کو امن کی ضمانت سمجھتی ہے تو اس مطالبے کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ ایک مضبوط، جدید، تربیت یافتہ اور بااختیار لیویز فورس بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں امن و استحکام کے قیام میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ بلوچستان میں امن کا راستہ صرف اسلحے سے نہیں بلکہ عوامی اعتماد، مقامی روایات، انصاف اور مؤثر مقامی اداروں سے ہو کر گزرتا ہے۔ لیویز فورس ماضی میں بھی اس اعتماد کی علامت رہی ہے اور اگر اسے جدید تقاضوں کے مطابق دوبارہ بحال کیا جائے تو یہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام کیلئے ایک مثبت اور مؤثر قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں لیویز فورس کی بحالی پر سنجیدگی سے غور کرے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو، دہشت گردی کا مؤثر مقابلہ کیا جا سکے اور سرحدی علاقوں میں دیرپا امن کی بنیاد رکھی جا سکے۔

☆☆☆☆

گندگی کیوں؟ صاف کیوں نہیں رہ سکتے؟

یہ شہر ہمارا ہے... مگر ہم نے سنبھالا نہیں؛ کچرا صرف سڑکوں پر نہیں بلکہ ہمارے رویّوں میں بھی ہے، اور جب تک صفائی کو ایمان، تہذیب اور اجتماعی ذمہ داری نہیں سمجھا جائے گا، یہ گندگی ختم نہیں ہوگی۔

صاف ستھرا ماحول کسے اچھا نہیں لگتا؟ ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ اُس کی زندگی میں کچرا برائے نام ہو اور ہر معاملے میں صفائی ستھرائی مثالی نوعیت کی ہو۔ تو پھر کیا سبب ہے کہ ہمیں اپنے گرد کچرا ہی کچرا دکھائی دیتا ہے؟ بات صرف اتنی سی ہے کہ محض سوچ لینے سے ماحول صاف نہیں ہو جاتا۔ اِس کے لیے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے۔ صفائی کو ترجیح دینے کی نفسیات پیدا کرنا پڑتی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں ہمیں آج صفائی کا جو معیار دکھائی دے رہا ہے وہ صدیوں کی ذہنی تیاری کا نتیجہ ہے۔ ترقی پزیر اور پس ماندہ ممالک میں ماحول گندا اِس لیے دکھائی دیتا ہے کہ لوگوں کی تربیت پر توجہ نہیں دی گئی، اور اب بھی اس معاملے کو اہمیت دینے کا رجحان دکھائی نہیں دے رہا۔

صاف ستھرا ماحول انسان کو بہت کچھ کرنے کی مہمیز دیتا ہے۔ جب ماحول میں زیادہ خرابی نہ ہو تو انسان کو کچھ نیا کرنے کی تحریک ملتی ہے۔ وہ اپنے تخلیقی جوہر کو بروئے کار لانے کے بارے میں سوچتا ہے اور عمل کی طرف بڑھتا ہے۔

صفائی ہر انسان کے دل کی آواز ہے۔ جو لوگ اِدھر اُدھر کچرا پھیلاتے پھرتے ہیں وہ بھی اپنے گھر، دفتر یا اپنے آس پاس کے ماحول میں مکمل صفائی چاہتے ہیں۔ صاف ستھرا ماحول انسان کو خوش مزاج رکھنے کے لیے ناگزیر ہوا کرتا ہے۔ اگر ماحول میں ہر طرف کچرا ہی کچرا اور بدنظمی دکھائی دے رہی ہو تو انسان کا مزاج بھی ٹیڑھا ہونے لگتا ہے، کام میں جی نہیں لگتا اور انہماک بُری طرح متاثر ہوتا ہے۔

حال ہی میں ہالی وڈ کی ایک بڑی تقریب کے خاتمے پر وہاں شرکا کی طرف سے پھیلائے جانے والے کچرے کی تصویریں سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہیں۔ سوفٹ ڈرنک کی خالی بوتلیں، اسنیکس کے ریپرز اور دیگر اشیا پورے ہال میں سیٹوں کے نیچے بکھری ہوئی دیکھی جا سکتی ہیں۔ یہ ہے پڑھے لکھے اور ترقی یافتہ ملک کے لوگوں کا حال۔ امریکیوں کی اکثریت نے یہ تصویریں دیکھ کر ہالی وڈ کی شخصیات پر شدید نکتہ چینی کی ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ یہ معروف فنکار دوسروں کو صفائی ستھرائی پر خوب لیکچر دیتے ہیں اور ماحول کو گندگی سے بچانے کے لیے واک وغیرہ بھی کرتے ہیں مگر جب عمل کی باری آتی ہے تو بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر بہت سے لوگوں نے لکھا کہ دولت اور گلیمر سے انسان میں شعور بھی پیدا ہو، یہ لازم نہیں۔

یہ سب کچھ دیکھ کر جاپان یاد آ گیا۔ جاپان میں ماحول کو صاف ستھرا رکھنے پر اِس قدر زور دیا جاتا ہے کہ بچے بھی اچھی طرح سیکھ لیتے ہیں کہ اُنہیں زندگی بھر صاف رہنا ہے، ماحول کو صاف رکھنا ہے۔ اِس حوالے سے اُن کی تربیت کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ جاپانی معاشرے میں ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی ذہنیت اور اس حوالے سے ذوق و شوقِ عمل آدابِ معاشرت کا حصہ ہے۔ جاپان کے لوگ اپنی نفاست کے لیے دنیا بھر میں معروف ہیں۔ جو نفاست گھروں میں ہوتی ہے وہی گلیوں میں اور سڑکوں پر بھی پائی جاتی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ لوگ صرف گھروں کو صاف رکھتے ہوں اور علاقے یا شہر کو بھول جاتے ہوں۔

جاپانی قوم کا کمال یہ ہے کہ ہر فرد پورے ملک اور ماحول کو own کرتا ہے۔ ہر جاپانی یہ سمجھتا ہے کہ پورا ملک اُس کی ذمہ داریوں کا حصہ ہے۔ وہ ملک کو صاف ستھرا رکھنے کے ساتھ ساتھ ترقی اور خوش حالی کی راہ پر گامزن بھی دیکھنا چاہتا ہے۔ جاپان میں صاف رہنا محض عادت نہیں بلکہ اُن کی بنیادی معاشرتی اقدار کا جز ہے۔

بہت سے ملکوں میں ماحول کو گندا کرنے والوں کے لیے سزائیں بھی ہیں اور ان پر جرمانے بھی عائد کیے جاتے ہیں۔ جاپان میں ایسا کچھ بھی نہیں۔ اہلِ جاپان کی بنیادی تربیت میں صفائی ستھرائی شامل ہے۔ اسکول کے بچوں کو اچھی طرح یہ ذہن نشین کرا دیا جاتا ہے کہ معیاری زندگی بسر کرنی ہے تو خود بھی صاف رہیے اور اپنے گھر کے ساتھ ساتھ پورے ملک کو بھی صاف ستھرا رکھیے۔ اہلِ جاپان کے لیے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا محض عادت یا مزاج نہیں بلکہ فلسفہ ہے۔

جاپان کے شہریوں نے بارہا ایسے کام کیے ہیں جنھوں نے ایک دنیا کو حیران کیا ہے۔ روس میں منعقدہ 2018ء، اور قطر میں منعقدہ 2022ء کے فیفا فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کو یاد کیجیے۔ جاپانی ٹیم میچ ہارے یا جیتے، جاپانی شائقین کا معمول یہ تھا کہ میچ ختم ہوتے ہی اسٹیڈیم کی صفائی میں جت جاتے تھے۔ اس کام کے لیے جاپانی شائقین اپنے ساتھ نیلے رنگ کے شاپرز لاتے تھے۔ اسٹیڈیم میں شائقین نے میچ کے دوران جو بوتلیں، ریپرز اور دیگر اشیا پھینکی ہوتی تھیں وہ جاپانی شائقین اٹھا کر شاپرز میں بھرتے تھے اور اسٹیڈیم کے باہر موجود کوڑے دان میں ڈالتے تھے۔ ورلڈ کپ کے ایک میچ میں جاپانی ٹیم نے فٹ بال کی دنیا میں ''نوگزرے پیر'' کی حیثیت رکھنے والی جرمن ٹیم کو ہرا کر تاریخ رقم کی تو جاپانی شائقین کا جوش و جذبہ قابلِ دید و قابلِ داد تھا، مگر ایسی حالت میں بھی قومی ٹیم کی فتح کا جشن صرف پانچ منٹ منانے کے بعد جاپانی شائقین نے جیب سے ہرے شاپرز نکالے اور کچرا جمع کرنا شروع کر دیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے انہوں نے پورے اسٹیڈیم کو اس طور صاف کر دیا کہ انتظامیہ کے ارکان دیکھتے رہ گئے۔

جاپان میں صفائی کا کلچر غیر معمولی حد تک پروان چڑھا ہوا ہے۔ اِس کی وجوہ ہیں۔ جاپانیوں نے صفائی کے کلچر کو فلسفے کی طرح اپنایا ہوا ہے۔ اسکولوں میں صفائی کا عملہ نہیں ہوتا کیونکہ تمام بچے مل کر صفائی کرتے ہیں۔ اس نیک کام میں اساتذہ بھی شریک ہوتے ہیں اور بچوں کی راہ نمائی کرتے ہیں۔ بچے کمرے، دالان اور ٹوائلٹس وغیرہ صاف کرتے ہیں۔ یہ عمل جاپان میں ''اوسوجی'' کہلاتا ہے۔ اس عمل کے ذریعے بچے چھوٹی عمر ہی سے احساسِ ذمہ داری کو سمجھ لیتے ہیں اور اُنہیں اندازہ ہو جاتا ہے کہ زندگی صفائی ستھرائی کے بغیر کس قدر ادھوری رہتی ہے۔

جاپان میں کچرے کو ٹھکانے لگانا بھی ایک باضابطہ علم اور فن ہے۔ وہاں کچرے کو 4 سے 10 درجہ بندیوں میں رکھا جاتا ہے۔ جو کچرا جلایا جا سکتا ہے وہ الگ، اور جو جلایا نہ جا سکتا ہو وہ الگ۔ پلاسٹک الگ، دھاتی چیزیں الگ۔ ہر طرح کے کچرے کے لیے الگ ڈبے رکھے جاتے ہیں۔ اگر کوئی شخص غلط ڈبے میں کچرا ڈالے تو پڑوسی بھی ٹوک دیتا ہے اور درستی کے لیے نشاندہی کرتا ہے۔ یہ سماجی ذمہ داری ہے۔ جاپان میں راستوں پر کچرے کے ڈبے نہیں ہوتے۔ 1995ء میں ٹوکیو کے ایک سب وے میں ہونے والے بڑے دہشت گردانہ حملے کے بعد راستوں پر سے کچرے کے ڈبے ہٹا دیے گئے۔ جاپان میں راستے شیشے کی طرح چمکتے ہیں۔ اِس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ ہر شہری کی جیب میں پلاسٹ کا شاپر ہوتا ہے جس میں وہ اپنا پیدا کیا ہوا کچرا گھر لے جا کر ڈبے میں ڈالتا ہے۔

جاپان میں جب بلٹ ٹرین اسٹیشن پر کھڑی ہوتی ہے تب صفائی کے عملے کے پاس اپنا کام کرنے کے لیے صرف 7 منٹ ہوتے ہیں۔ اتنے کم وقت میں بھی یہ عملہ ہر سیٹ، ٹرے اور فلور کو اس طور صاف کرتا ہے کہ ٹرین بالکل نئی لگنے لگتی ہے۔

جاپان کے لوگ جب اپنے پالتو جانوروں کو گھمانے لے جاتے ہیں تب ساتھ میں ایک خاص تھیلا اور پانی کی بوتل ساتھ رکھتے ہیں۔ اگر پالتو جانور گندگی کرے تو فوراً صفائی کردی جاتی ہے۔ امریکا اور یورپ میں بھی یہی معاملہ ہے۔ اگر کتا یا کوئی اور پالتو جانور گندگی کرے تو اُسے گھمانے والے ہی کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ صفائی کرے۔ ہمارے ہاں یعنی جنوبی ایشیا کے ممالک میں معاملہ اِس کے برعکس ہے۔ یہاں لوگ اپنے پالتو جانوروں کو باہر اِس لیے لے جاتے ہیں کہ گھر میں کچھ گند نہ ہو اور جانور سڑک پر یا کسی باغیچے میں ''فارغ'' ہو جائے۔

صفائی چونکہ انتہائی اہم معاملہ ہے اِس لیے جاپان میں صفائی پر مامور افراد کو ہیلتھ انجینئرز کہا جاتا ہے، اُنہیں خطیر مشاہرہ ملتا ہے اور اہلِ وطن اُنہیں انتہائی احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

یہ نکتہ بھی قابلِ غور ہے کہ جاپان میں اگر کوئی شخص صفائی پر متوجہ نہ ہو اور متعلقہ ضوابط کا خیال نہ رکھے تو لوگ اُسے شدید ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اس کا بائیکاٹ کیا جاتا ہے۔ ایسے شخص کو پڑوسی بھی ٹوکتے ہیں، شرمندہ کرتے ہیں۔ یہ سماجی دباؤ قانون کے مقابلے میں زیادہ اُلجھن پیدا کرتا ہے اور انسان اپنی اصلاح پر تیزی سے مائل ہوتا ہے۔ جاپانیوں کا ایک بنیادی تصور یہ ہے کہ اگر آپ کا گھر اور راستے صاف ہوں گے تو سوچ بھی صاف اور مثبت ہوگی۔ یہی سبب ہے کہ خودکشی کی شرح خاصی بلند ہونے کے باوجود جاپان میں جرائم کی شرح دنیا بھر میں سب سے کم ہے۔ بات اِتنی سی ہے کہ نظم و ضبط اُن کی رگوں میں خون بن کر دوڑتا ہے۔ لوگ صفائی کو کسی دباؤ کے تحت نہیں بلکہ اپنی سماجی اور اخلاقی ذمہ داری سمجھ کر اپناتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ جاپان میں کچرا پھینکنا جرم کے درجے میں ہے۔ ایسا دنیا میں اور کہیں بھی نہیں ہوتا۔

سنگاپور کو ''فائن سٹی'' بھی کہا جاتا ہے۔ وہاں ماحول کو خراب کرنے پر بھاری جرمانے عائد کیے جاتے ہیں۔ سنگاپور میں راستے پر چیونگ گم پھینکنے یا ٹوائلٹ میں فلش نہ کرنے پر بھاری جرمانے عائد کیے جاتے ہیں۔ اور معاملہ سزائے قید تک بھی جا سکتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ سنگاپور میں اب صفائی بھی لوگوں کی عادت اور مزاج کا حصہ بن چکی ہے۔ لوگ جرمانے کے خوف سے کہیں بڑھ کر صفائی کو اپنی سماجی ذمہ داری سمجھ کر اپنائے ہوئے ہیں۔

سوئٹزرلینڈ میں پربت اور تالاب اِتنے صاف ہیں کہ وہاں کا پانی بلا خوف و خطر پیا جا سکتا ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے لوگ اِس تصور کے حامل ہیں کہ فطری ماحول اُن کے لیے بہت بڑا سرمایہ ہیں۔ اگر کوئی غیر ملکی وہاں سڑک پر یا گھر کے باہر کچرا پھینکے تو مقامی لوگ اُسے ایسا کرنے سے روکتے ہیں۔

افریقی ملک روانڈا میں بھی حیرت انگیز طور پر صفائی کا بہت خیال رکھا جاتا ہے۔ وہاں ایک ماہانہ رسم ہے جو ''اوموگانڈا'' کہلاتی ہے۔

بقیہ 1

جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق حکام نے ایم آر آئی مشین کی جلد از جلد خریداری اور تنصیب کے ساتھ ساتھ ڈائیلاسز، انتہائی نگہداشت (آئی سی یو)، نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت، ایمرجنسی، جراحی (سرجیکل) اور لیبارٹری سہولیات کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ رپورٹ کے مطابق منصوبے میں نوزائیدہ بچوں کیلئے اضافی انکیوبیٹرز فراہم کرنے اور امراضِ چشم، ناک، کان و گلا (ای این ٹی) اور امراضِ قلب (کارڈیالوجی) میں ماہر طبی خدمات کو مزید مضبوط بنانے کی تجویز بھی شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ زیر التوا فنڈز کے اجرا کو یقینی بنانے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ مجوزہ منصوبوں پر عمل درآمد شروع کیا جا سکے۔ تاہم، فنڈز کی مجموعی مالیت اور خریداری یا منصوبوں کی تکمیل کیلئے کوئی ٹائم لائن جاری نہیں کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق شکیل قادر خان نے کہا کہ یہ اسپتال گوادر اور وسیع تر مکران خطے کے رہائشیوں کیلئے ایک اہم طبی مرکز بن چکا ہے، جہاں مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جارہی ہے

بقیہ 2

سے ڈی ایس پی مرید بلیدی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ فرض کی ادائیگی کے دوران جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر اہلکاروں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے امن کے قیام کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، ان قربانیوں سے دہشتگردی کے خلاف ہمارا عزم مزید مضبوط ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر کا ہر قیمت پر خاتمہ کیا جائے گا اور امن دشمنوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ڈی ایس پی مرید بلیدی کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور صوبے میں امن و امان کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 3

نے طلبہ سے تفصیلی ملاقات کی، ان کے مسائل، تجاویز اور ضروریات بغور سنیں اور موقع پر ہی متعدد اہم فیصلے کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری عملدرآمد کی ہدایات جاری کیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر قائداعظم لائبریری کوئٹہ کو پاکستان کی مثالی اور جدید لائبریری بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ تین ماہ کے اندر اس ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ لائبریری میں جدید ڈیجیٹل لیب قائم کی جائے، مختلف شعبہ جات سے متعلق نئے ایڈیشن کی معیاری کتابیں فراہم کی جائیں، جبکہ کولنگ سسٹم اور سولر سسٹم کو فوری طور پر فعال بنایا جائے تاکہ طلبہ کو بہترین تعلیمی اور مطالعاتی ماحول میسر آسکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو اپنی ترقیاتی پالیسیوں کا محور سمجھتی ہے اور ان کی آراء، تجاویز اور مسائل کو براہ راست سننا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان اعتماد اور روابط کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ ایک بااعتماد، باصلاحیت اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ تعلیم، تحقیق، مطالعہ اور جدید علوم تک رسائی نوجوانوں کا بنیادی حق ہے، جس کی فراہمی کیلئے حکومت عملی اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 4

اداروں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ رائٹ سائزنگ کمیٹی اپنی باقی ماندہ سفارشات ایک ماہ میں مکمل کرے۔ وزیراعظم نے حکومت کی کارکردگی میں بہتری لانے کیلئے رائٹ سائزنگ کے حوالے سے اقدامات پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں رائٹ سائزنگ کمیٹی کی جانب سے رائٹ سائزنگ کے حوالے سے اقدامات کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رائٹ سائزنگ اقدامات سے سول حکومت کے اخراجات کا جی ڈی پی میں تناسب کم ہوا، مختلف وزارتوں اور سرکاری محکموں میں خالی آسامیوں کا خاتمہ کردیا گیا ہے

بقیہ 5

، آبنائے ہرمز ہماری گرفت میں ہے۔ امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو آج کے بعد معاہدے کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت نہیں دوں گا، اگر معاہدہ نہ ہوا تو ایران میں مقررہ فوجی آپریشن مکمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ اب ہماری پوزیشن بہت مضبوط ہے، ہم ایران کے پاور پلانٹس اور پلوں پر حملوں سے گریز کریں گے، ہمارا ایران کے پاور پلانٹس اور پلوں پر حملوں کا ارادہ نہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے گرد ناکہ بندی انتہائی سخت اور ناقابل شکست ہے۔ ایران کی عسکری طاقت کو مکمل طور پر چل دیا ہے۔ آج ایران کے پاس بحری فوج ہے نہ فضائیہ جبکہ زمینی فوج کو انتہائی طاقتور حملوں کا سامنا کرنا پڑا

بقیہ 6

معلومات مجھے نہیں دنیا کو بتائے۔ مجھے ان کی معلومات کی ضرورت نہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ نیتن یاہو چاہتا ہے کہ میں جنگ میں شامل رہوں اس لیے معلومات دینے کی بات کر رہا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا ایران کی جوہری سرگرمیوں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ کوہ کولانگ کے مقام پر کیا ہو رہا ہے، یہ کوئی بڑا مسئلہ نہیں، ہم نے ایران کے جوہری مقامات کو تباہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران سے معاہدہ نہیں ہوتا تو ہم کوہ کولانگ کو بھی آسانی سے تباہ کردیں گے۔

بقیہ 7

نائب وزیراعظم نے پاک۔ امریکا تعلقات میں جاری مثبت پیش رفت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر فریقین نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور تجارت، سرمایہ کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، (توانائی) اور دیگر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پارلیمانی سطح پر مسلسل روابط دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ دینے اور دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کانگریس کے وفد نے امریکی معیشت اور معاشرے میں متحرک پاکستانی نژاد امریکی برادری کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے اسے پاکستان اور امریکا کے درمیان ایک مضبوط اور اہم پل قرار دیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 8

کی باقیات نکال لی گئی ہیں۔ اسرائیل کے جنگی طیاروں نے اس گھر پر اکتوبر 2023 اور جون 2025 میں فضائی حملے کیے تھے جن کے نتیجے میں درجنوں شہری شہید ہو گئے تھے اور ان کی ایک بڑی تعداد ملبے کے نیچے ہی دبی رہ گئی تھی۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق غزہ میں شہری دفاع کے عملے نے انتہائی کٹھن حالات میں جاری رہنے والی امدادی سرگرمیوں کے بعد غزہ کے الصبرہ محلے میں ابو شریعہ اور الحسانیہ خاندانوں کے ایک تباہ شدہ گھر کے ملبے کے نیچے سے 99 شہدا کی باقیات نکال لی ہیں

بقیہ 9

ایم) ملکی سے متعلق قائم کمیٹی کا دوسرا اجلاس منعقد ہوا جس میں پاکستان میں جی ایم ملکی ٹیکنالوجی کو اپنانے کے حوالے سے پیشرفت کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کا لائحہ عمل زیر غور آیا۔ اجلاس کے آغاز میں وزیر خزانہ نے شرکا پر زور دیا کہ کمیٹی سائنسی شواہد، تکنیکی مہارت اور بین الاقوامی بہترین طریقہ کار کی بنیاد پر تمام متعلقہ فریقوں کے تحفظات کو مد نظر رکھتے ہوئے اتفاقِ رائے سے سفارشات مرتب کرے۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا جن میں پالیسی دستاویزات کی فراہمی اور مختلف سٹیک ہولڈرز کی جانب سے موصول ہونے والی تحریری تجاویز شامل تھیں۔ شرکا نے جی ایم ملکی کی ٹیکنالوجی کے ذریعے زرعی پیداوار میں اضافے، غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، درآمدی انحصار میں کمی اور زرعی شعبے کی مسابقت بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ساتھ ہی ملکی کی مقامی ملنگ انڈسٹری، برآمدی منڈیوں اور موجودہ زرعی ویلیو چین کے تحفظ کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا

بقیہ 10

، ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ اور جدید لیبارٹریز کی سہولیات دستیاب ہوں، حکومت نے دو سال کے دوران 560 اے آئی اسٹارٹ اپس کی انکیوبیشن کا ہدف مقرر کیا ہے، 150 اے آئی اسٹارٹ اپس کو سیڈ گرانٹس بھی فراہم کی جائیں گی۔ دستاویز کے مطابق اسٹارٹ اپس کو وینچر کیپیٹل، انکیوبیٹرز اور عالمی ٹیکنالوجی نیٹ ورکس سے منسلک کیا جائے گا جبکہ صحت، زراعت، تعلیم، فن ٹیک اور اسمارٹ سٹیز میں مصنوعی ذہانت پر مبنی حل تیار کیے جائیں گے۔ منصوبے میں خواتین اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شمولیت کو بھی لازمی قرار دیا گیا ہے، قومی اے آئی پالیسی کے تحت 7 اے آئی ہب کے قیام کیلئے آر ایف پی جاری کردیا گیا ہے

بقیہ 11

ڈاکٹر نادر اچکزئی، سینئر نائب صدر ڈاکٹر کامیار خان، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شعیب بلوچ، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ڈاکٹر حفیظ مندوخیل، ڈاکٹر علی جان، ڈاکٹر عادل، ڈاکٹر مزمل جبکہ الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے جمال شاہ شامل تھے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پائیدار اور مؤثر اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں تاکہ ڈاکٹرز، طبی عملے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے تاریخ میں پہلی مرتبہ ڈاکٹرز کو بڑے پیمانے پر ترقیاں دے کر ان کی پیشہ ورانہ خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ حکومت ڈاکٹرز کے جائز مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا

بقیہ 12

ہی برآمدات میں اضافے اور معاشی ترقی کی ضمانت ہے، تربیت حاصل کرنے والوں کو غیر ملکی زبانوں کی تعلیم بھی دی جائے۔ قومی لاجسٹکس بورڈ (نیشنل لاجسٹکس بورڈ) کا 68 واں اجلاس وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات اور چیئرمین قومی لاجسٹکس بورڈ احسن اقبال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ کے دیگر اراکین نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوارٹر ماسٹر جنرل پاکستان آرمی/ آفیسر انچارج این ایل سی اور ڈائریکٹر جنرل این ایل سی نے ادارے کی انتظامی، آپریشنل اور مالیاتی کارکردگی پر بورڈ کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ این ایل سی نے علاقائی رابطہ کاری کے فروغ، پاکستانی مصنوعات کیلئے برآمدی مواقع میں تنوع پیدا کرنے اور بین الاقوامی تجارتی راہداریوں کے قیام کے حوالے سے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس سلسلے میں ترکمانستان کے شہر سرحت آباد، ازبکستان کے شہر ترمذ اور چین کے شہر کاشغر میں فارورڈ ٹرانزٹ ٹریڈ مراکز کے قیام سے خطے میں تجارتی روابط کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ شرکاء کو این ایل سی کی جانب سے لاجسٹکس انفراسٹرکچر کی بہتری، زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے فروغ کیلئے شروع کیے گئے نئے منصوبوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ قومی لاجسٹکس کارپوریشن (این ایل سی) کے 68 ویں بورڈ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات اور چیئرمین بورڈ، احسن اقبال نے این ایل سی کو ہدایت کی کہ وہ سست ڈرائی پورٹ اور خنجراب بارڈر ٹرمینل کو پاکستان کی برآمدات کے فروغ اور علاقائی تجارتی روابط کے استحکام کیلئے ایک اسٹریٹجک مرکز کے طور پر مزید وسعت دینے پر خصوصی توجہ دے۔

بقیہ 13

کی رپورٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے خلاف معاشی دباؤ کی مہم کو فضائی حملوں کے مقابلے میں کم توجہ ملی ہے، تاہم امریکی حکومت کے سینئر حکام کو تسلیم کیا کہ امریکا کی جانب سے ایران پر عائد اقتصادی پابندیاں بالآخر تہران کو فوجی کارروائی سے زیادہ نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ امریکی خبر رساں ادارے ایکسیوس نے اعلیٰ حکومتی عہدیداروں کے حوالے سے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا کہ امریکی انٹیلی جنس کا اندازہ ہے کہ پابندیوں اور امریکی بحری ناکہ بندی کے باعث ایران میں پیٹرول کی قلت، بینکوں سے بڑے پیمانے پر رقوم نکلوانے کے خدشات اور تنخواہوں کو ادائیگیاں کرنے میں مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں، جس سے تہران پر مالی دباؤ مزید بڑھ رہا ہے۔ ایک امریکی عہدیدار نے کہا کہ ایران کو وزارتِ جنگ سے زیادہ امریکی وزارتِ خزانہ کا خوف ہے۔

بقیہ 14

سے ایک پختون مزدور جاوید سکنہ صوابی کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد ہوئی جبکہ دیگر چار پنجاب کے رہائشی اور دو پختون مزدور تاحال لاپتا ہیں۔ واقعے کے دوران فائرنگ کی زد میں آکر سولبند کے رہائشی مقامی راہ گیر عبدالرزاق ولد داد محمد بھی جاں بحق ہوگئے، جن کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ہے، تاہم لاپتا چھ مزدوروں کے بارے میں تاحال کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 15

نے کہا کہ یوکرینی حکومت کا ایرانی تجارتی جہاز کو تباہ کرنا ایران پر حملہ ہے۔ ترجمان کریملن نے کہا کہ یوکرینی حکومت کی دہشت گردی کا جغرافیائی دائرہ وسیع ہوتا جارہا ہے۔ یوکرین کی دہشت گردی کو ختم کرنا اور تباہ کرنا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے بحیرہ کیسپین میں ایرانی جہاز پر یوکرینی حملے میں ایک ملاح جاں بحق، ایک زخمی ہوا تھا۔

بقیہ 16

آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، اسے بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کشمیر کاز کو بچانے کیلئے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑے گی۔ پیپلز پارٹی کے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر میں جو ہو رہا ہے کیا ہم اسے جمہوریت کا نام دے سکتے ہیں، میرپور کے عوام کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنے ووٹ سے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی تاہم لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ ن لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، اس کا نقصان کشمیر، پاکستان اور اس کے عوام کا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ان کیلئے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد، ہم قومی مفاد میں ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، (ن) لیگ کے مفاد میں نہیں، آنکھیں کھولیں، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر ہے، اسے بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کیا چاہتے ہیں کہ پونچھ آزاد کشمیر کا نہیں مقبوضہ کشمیر کا لگے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، کیا آپ سمجھتے ہیں کہ تمام سیاسی پارٹیاں بیوقوف ہیں، کیا کشمیر کے عوام نہیں جانتے کہ ان کے ساتھ آپ کیا کر رہے ہیں، یہ دھاندلی کی کہانی آج سے شروع نہیں ہوئی، قومی مفاد کو دھکیل کر (ن) لیگ کے مفاد کو ترجیح دینا آج سے شروع نہیں ہوا، ہمیں چاہیے کہ صاف وشفاف الیکشن کرائیں، کشمیر کاز کو بچانے کیلئے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑے گی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم اپنے ہی ساتھیوں کی جانیں ضائع ہوتے نہیں دیکھ سکتے، آپ نے پیپلز پارٹی کے کارکن کو مارا تاہم اس کے باوجود ان کی تمام کوششیں ناکام ہوئیں، میں انہیں نہیں چھوڑوں گا، آپ کو حق دلا کر رہوں گا

بقیہ 17

ناکہ بندی کردی۔ ایس پی بارکھان عبدالحق نے بتایا کہ ڈی ایس رکھنی مرید بلیدی علاقے میں گشت کر رہے تھے کہ بارکھان کے علاقے کھٹہ چوکی کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کردی، ایس پی بارکھان کے مطابق مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈی ایس پی بارکھان مرید بلیدی شہید ہوگئے، اطلاع ملنے پر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری ملزمان کی گرفتاری کیلئے موقع پر پہنچ گئی مزید کارروائی جاری ہے

بقیہ 18

میں ریاست دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کو کسی صورت فرار ہونے یا اپنے مذموم عزائم میں کامیاب ہونے نہیں دیا جائے گا شاہد رند نے بتایا کہ دہشتگردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ڈی ایس پی مرید بلیدی جام شہادت نوش کر گئے جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا، جسے فوری طور پر طبی امداد فراہم کی جارہی ہے معاون وزیراعلیٰ نے ڈی ایس پی مرید بلیدی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کا ہر قیمت پر قلع قمع کیا جائے گا اور امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی

بقیہ 19

نے کہا ہے کہ رواں سال مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکومت کا ردعمل موثر رہا، این ڈی ایم اے کے بروقت اقدامات، جدید ٹیکنالوجی اور ارلی وارننگ سسٹم کے باعث جانی ومالی نقصان میں نمایاں کمی آئی، نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر حکومت کے تمام اداروں کی مربوط حکمت عملی، پیشگی انتباہ اور بروقت فیصلوں کے لئے اہم قومی اثاثہ ثابت ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے دورے کے موقع پر کیا۔ وفاقی وزرا احسن اقبال، رانا تنویر حسین، مصدق ملک، میاں محمد معین وٹو اور سینیٹر اورنگزیب بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ رواں سال مون سون بارشوں کے حوالے سے حکومتی ردعمل انتہائی موثر رہا، گزشتہ سال کی صورتحال سے بہت کچھ سیکھا گیا اور اسی تجربے کی روشنی میں بہتر حکمت عملی اختیار کی گئی۔ انہوں نے چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ این ڈی ایم اے نے مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مون سون اور سیلابی صورتحال کے حوالے سے بروقت اجلاس منعقد کئے جن میں این ڈی ایم اے کے حکام، وفاقی کابینہ کے ارکان، متعلقہ صوبائی حکومتوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے نمائندوں نے شرکت کی

بقیہ 20

نے امریکا کی اسرائیل کی حمایت کے خلاف بینرز اٹھا رکھے تھے جنہوں نے فلسطینی پرچم بھی لہرائے۔ مظاہرین کے مطابق امریکی حکومت عالمی فوجداری عدالت کے وارنٹ پر عمل کرتے ہوئے نیتن یاہو کو گرفتار کرے۔

بقیہ 21

چودھری کے ہمراہ آزاد کشمیر الیکشن کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے حالیہ انتخابات میں عوام نے مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے دھاندلی کے الزامات بے بنیاد اور غیر جمہوری رویے کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف پیپلز پارٹی تھی اور دوسری جانب مسلم لیگ (ن) کی پنجاب میں کارکردگی، جسے دیکھتے ہوئے کشمیری عوام نے ن (لیگ کو ووٹ دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ رات 9 بجے تک پیپلز پارٹی کی جانب سے کسی قسم کی شکایت سامنے نہیں آئی، تاہم شکست کے بعد بوکھلاہٹ میں الزام تراشی شروع کردی گئی، جو نہ صرف انتخابی عمل بلکہ ووٹرز کی بھی توہین ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی گلگت بلتستان میں انتخابات جیت جائے تو وہ شفاف قرار پاتے ہیں

بقیہ 22

پر گفتگو کرتے ہوئے حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور پارٹی کی سیاست کا محور عام آدمی کے مسائل کا حل اور عوام کی فلاح و بہبود ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل سننا اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات کرنا ہماری سیاسی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، جس سے کسی صورت غفلت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے، جبکہ سریاب سمیت دیگر علاقوں میں بھی عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حلقے کے ہر علاقے کی یکساں ترقی، بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری اور شہری سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے کم کرنا اور لوگوں کو ان کی دہلیز پر فوری ریلیف فراہم کرنا ہے

بقیہ 23

کی اسرائیل کی حمایت کے خلاف بینرز اٹھا رکھے تھے جنہوں نے فلسطینی پرچم بھی لہرائے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ امریکی حکومت عالمی فوجداری عدالت کے وارنٹ پر عمل کرتے ہوئے نیتن یاہو کو گرفتار کرے۔

بقیہ 24

نے کہا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر کے بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) نے 9 جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے 4 نشستوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے آزاد کشمیر انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے موثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کے دوران میڈیا نمائندے مسلسل پولنگ اور ووٹر ٹرن آؤٹ کی رپورٹنگ کرتے رہے جبکہ ووٹروں کو حق رائے دہی استعمال کرنے کا زیادہ موقع دینے کیلئے پولنگ کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میرپور ڈویژن میں الیکشن کمیشن، انتظامیہ، پولیس، آئی جی، ڈی آئی جی، ڈپٹی کمشنرز اور دیگر اداروں نے شفاف اور پرامن انتخابات کے انعقاد میں مؤثر کردار ادا کیا، جس کے باعث مجموعی طور پر انتخابی عمل منظم، کامیاب اور پرامن رہا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ انتخابی روز پیش آنے والا افسوسناک واقعہ 2 گروپوں کے پرانے خاندانی تنازع کا نتیجہ تھا، کیونکہ ایک ہی خاندان کے افراد مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستہ ہیں

بقیہ 25

برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تیز ترین انٹرنیٹ فراہم کرنے کے لئے فائیو جی انٹرنیٹ سروس فراہم کر رہے ہیں، ملک میں کنکٹیویٹی کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ ملک میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، گزشتہ پانچ سالوں میں ملکی انٹرنیٹ کے استعمال میں اضافہ ہوا ہے، 2024 میں 20 لاکھ صارفین صرف انٹرنیٹ فائبر ریزیشن استعمال کر رہے تھے، اب اس میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا عزم ملک میں بہترین انٹرنیٹ کی فراہمی اور ڈیجیٹل پاکستان ہے، صوبے اس حوالے سے مل کر بہترین کام کر رہے ہیں

بقیہ 26

انور کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ریئر ایڈمرل تصور اقبال نے 1995 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا، وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے فرانس سے انٹر سروسز اسٹاف کورس بھی کیا ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جن میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس عالمگیر، کمانڈر 25 ڈسٹرائر اسکواڈرن، کمانڈنٹ پاکستان نیول اکیڈمی اور ریاض (سعودی عرب) میں سینئر پاکستان نیوی آفیسر کی تقرریاں شامل ہیں۔ ریئر ایڈمرل تصور اقبال اس وقت کمانڈر ویسٹ کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے

بقیہ 27

کا بھی مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس کے مطابق تمبو خان کوٹ پولیس تھانے کی حدود گوٹھ میر علی رضا عمرانی کے قریب بارودی سرنگ پھٹنے سے بجلی ٹاور کو پہنچنے والے نقصان اور کھمبے کی مرمت جبکہ واقعہ کا خان کوٹ پولیس تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا

بقیہ 28

مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان میں اضلاع کی تقسیم کے معاملے پر جرگہ بلایا جائے گا جہاں عوام کے سامنے تمام معاملات رکھے جائیں گے، جبکہ ستمبر یا اکتوبر میں پختونخوا وطن کا بھی جرگہ منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بلوچ مسلح گروہوں اور ریاست کے درمیان تصادم میں شدت آچکی ہے، عوام کی جان و مال محفوظ نہیں، مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا مگر ان واقعات کی کسی نے ذمہ داری قبول نہیں کی۔ انہوں نے ہنہ اوڑک، زیارت اور منگوچر کے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ذمہ داروں نے استعفے نہیں دیے جبکہ درجنوں گاڑیاں جلائی جا رہی ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے الزام عائد کیا کہ قومی شاہراہوں پر ڈرائیوروں سے 10،10 لاکھ روپے بھتہ وصول کیا جا رہا ہے جبکہ ایئر لائن کمپنیاں ایک لاکھ روپے تک کرایہ وصول کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری زمینیں دوسروں کو الاٹ کی جا رہی ہیں، حالیہ الاٹمنٹ کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور اپنی زمین کا دفاع کرنا جانتے ہیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ 5 اگست کو عمران خان کی قید کے تین سال مکمل ہو جائیں گے، اس موقع پر ملک بھر میں تحریک شروع کی جائے گی، جبکہ پشتون علاقوں میں کسی کو قتل کرنے یا املاک جلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 29

پر اندھا دھند فائرنگ کی اور بعد ازاں پانچ ٹرالر اور دو بوزر گاڑیوں کو نذر آتش کردیا فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈرائیور زخمی ہوا، جسے فوری طور پر طبی امداد کیلئے قریبی ہسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں اس کا علاج جاری ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس نے نامعلوم حملہ آوروں کی تلاش کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ہے، جبکہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں

بقیہ 30

محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق نظرثانی شدہ معاوضہ نرخ 16 اپریل 2026 سے نافذ العمل ہوں گے، جس کا مقصد دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کو بہتر مالی ریلیف اور فوری بحالی کی سہولیات فراہم کرنا ہے نوٹیفکیشن کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کیلئے معاوضہ 15 لاکھ روپے سے بڑھا کر 25 لاکھ روپے کردیا گیا ہے، جبکہ شدید زخمی افراد، جن کے اعضاء متاثر ہوئے ہوں یا جو میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ (MLC) کے مطابق معذوری کا شکار ہوئے ہوں، کیلئے معاوضہ 5 لاکھ روپے سے بڑھا کر 7 لاکھ 50 ہزار روپے مقرر کیا گیا ہے اسی طرح معمولی زخمی افراد، جو نقصان کے باعث دو ہفتے سے زائد عرصہ تک کام کرنے سے قاصر رہیں، کیلئے معاوضہ 2 لاکھ روپے سے بڑھا کر 2 لاکھ 50 ہزار روپے کردیا گیا ہے اعلامیے کے مطابق دہشت گردی کے نتیجے میں رہائشی مکانات کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالے کیلئے بھی معاوضے میں اضافہ کیا گیا ہے۔ مکان کی مکمل تباہی کی صورت میں معاوضہ 5 لاکھ روپے سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے جبکہ جزوی نقصان کی صورت میں 1 لاکھ روپے سے بڑھا کر 2 لاکھ 50 ہزار روپے کردیا گیا ہے کاروباری مراکز، دکانوں، کیوسکس اور تجارتی اداروں کو پہنچنے والے نقصان پر بھی نظرثانی شدہ نرخ لاگو ہوں گے

بقیہ 31

کی ریکارڈ کی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق عالمی معیار کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت ایک موقع پر 9 فیصد سے زائد گر کر 87.59 ڈالرز فی بیرل تک آگئی، یہ گزشتہ ہفتے کے برعکس بڑی تبدیلی ہے، گزشتہ ہفتے قیمت 100 ڈالرز فی بیرل سے تجاوز کر گئی تھی۔ قیمتوں میں یہ کمی اس وقت سامنے آئی جب اقوام متحدہ میں امریکا کے سفیر نے کہا کہ ایران پر حملے مسلسل دوسرے روز بھی روک دیے گئے ہیں تاکہ مذاکرات کیلئے کچھ گنجائش پیدا کی جاسکے، دوسری جانب ایران کی فوج کے ایک ترجمان نے کہا کہ تہران نے خطے میں اپنی جوابی کارروائیاں بھی روک دی ہیں۔

بقیہ 32

جاری کرتے ہوئے مالی سال 2026-27 کیلئے دیت کی باضابطہ رقم ایک کروڑ 93 لاکھ 52 ہزار 390 روپے مقرر کی ہے۔ دیت سے مراد وہ مالی معاوضہ ہے جو قانون کے تحت مجرم کی جانب سے مقتول کے قانونی ورثاء کو ادا کیا جاتا ہے۔ تعزیراتِ پاکستان کے مطابق دیت کی رقم کی قانونی حد 30,630 گرام چاندی کی موجودہ مالیت سے کم نہیں ہوسکتی۔ ترمیم شدہ رقم میں گزشتہ مالی سال 2025-26 کیلئے مقرر کردہ 9,828,670 روپے کی رقم کے مقابلے میں 9,523,720 روپے تقریباً 96.9 فیصد کا اضافہ ہوا ہے

بقیہ 33

جبکہ اس میں مزید پانی شامل کرنے کی کوئی گنجائش موجود نہیں اگر سندھ کی جانب سے اس نالے کا پانی بھی حیردین ڈرینج میں چھوڑا گیا تو ضلع صحبت پور، جعفر آباد اور اوستہ محمد کو شدید سیلابی خطرات لاحق ہوجائیں گے۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ یہ اضلاع پہلے ہی 2010، 2012 اور 2022 کے تباہ کن سیلابوں کا سامنا کر چکے ہیں اس لیے بلوچستان کے عوام کو ایک بار پھر کسی ممکنہ آفت سے دوچار نہیں ہونے دیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ اس معاملے پر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے مسلسل رابطہ ہے جنہوں نے صورتحال کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت بھی اس معاملے پر متحرک ہے اور سندھ حکومت سے باضابطہ مذاکرات کیے جائیں گے

بقیہ 34

کیا۔ اس موقع پر پاکستان۔ امریکہ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے کنوینر و رکن قومی اسمبلی سید حسین طارق کی قیادت میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان پارلیمنٹ نے شرکت کی جبکہ امریکی وفد میں کانگریس کے ارکان ریان زنکے اور مائیکل بامگارٹنر شامل تھے۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران جنگ کے خطرات کو کم کرنے کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سفارتی کوششوں کو پاکستانی عوام نے قدر کی نگاہ سے دیکھا جو دونوں ممالک کے درمیان مثبت تعلقات اور باہمی اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان مؤثر روابط نہ صرف باہمی اعتماد اور مفاہمت کو فروغ دیتے ہیں بلکہ تجارت، تعلیم، سرمایہ کاری، تعلیمی تبادلوں، جامعات اور دیگر اداروں کے درمیان شراکت داری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع بھی پیدا کرتے ہیں

بقیہ 35

کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) زاہد سلیم، سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان، انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کراچی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبدالباری، چیف آپریٹنگ افیسر مظہر احمد، صدیقی، ڈائریکٹر میڈیکل سروسز ڈاکٹر شائل، ڈائریکٹر آپریشن ساؤتھ ڈاکٹر عفان فائق زادہ، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ہیڈ آف کیمپس جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈشپ ہسپتال ڈاکٹر ناصر شیخ سمیت متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی

بقیہ 36

تحقیقی مقالہ ''The Role of Green Credit, Green Reputation and Green Financial Technology in Bank Performance in South Asian Countries کے عنوان سے مکمل کیا گیا، جس میں جنوبی ایشیائی ممالک کے بینکاری شعبے میں گرین کریڈٹ، گرین ریپوٹیشن اور گرین فنانشل ٹیکنالوجی کے کردار اور ان کے بینکوں کی کارکردگی پر مرتب ہونے والے اثرات کا سائنسی اور جامع تجزیہ پیش کیا گیا ہے

بقیہ 37

بارکھان نے بذریعہ زوم اجلاس میں شرکت کی اس کے علاوہ چیف انجینئر لورالائی ژوب زون قاضی نور الحق ایس ای بارکھان و موسیٰ خیل عبدالرزاق مندوخیل ایگزیکٹیو انجینئر بارکھان انجینئر فضل کریم متعلقہ کنسلٹنٹ اور دیگر افسران بھی موجود تھیا جلاس کے دوران منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تعمیراتی سرگرمیوں درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق آگاہ کیا بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے کام جاری ہے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے رکھنی ٹاؤن کی اپ لفٹنگ اور بازار کی ری ماڈلنگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوہ سلیمان ڈویژن کے قیام کے بعد رکھنی کو بطور ڈویژنل ہیڈکوارٹر خصوصی اہمیت حاصل ہوئی ہے

بقیہ 39

معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات EPI پروگرام اور مجموعی انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران عملے کی حاضری ڈیوٹی کی پابندی اور مراکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ ای پی آئی سائٹس پر ILR کی سینٹنس کولڈ چین سسٹم ویکسین اسٹاک ویکسین کا ریکارڈ مانیٹرنگ چارٹس پرمٹ رجسٹر اور دیگر متعلقہ دستاویزات کو چیک کیا گیا تاکہ ریکارڈ کی درستگی اور حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید بہتر بنایا جاسکے

بقیہ 40

انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ صورتحال کا فوری جائزہ لیتے ہوئے متاثرہ علاقے میں طبی ٹیمیں روانہ کی جائیں، مشتبہ کیسز کی تشخیص کیلئے ضروری اقدامات کیے جائیں اور ادویات سمیت مطلوبہ طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ بیماری کے ممکنہ پھیلاؤ کو بروقت روکا جا سکے۔ علاقہ مکینوں سے بھی کہا گیا ہے کہ اگر کسی بچے یا فرد میں بخار، جسم پر دانے، کھانسی یا دیگر مشتبہ علامات ظاہر ہوں تو خود علاج کرنے کے بجائے فوری طور پر قریبی سرکاری ہسپتال یا بنیادی مرکز صحت سے رجوع کریں تاکہ بروقت تشخیص اور علاج ممکن بنایا جاسکے

بقیہ 41

کے دستیاب ذخیرے، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے طبی عملے کو ہدایت کی کہ عوام کو بروقت، معیاری اور خوش اخلاقی کے ساتھ طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی اور دور افتادہ علاقوں کے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی پی پی ایچ آئی اور حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا تمام عملہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں دیانت داری، احساسِ ذمہ داری اور خدمت کے جذبے کے ساتھ انجام دے۔

بقیہ 42

، بالخصوص تعلیمی اداروں کو جدید کمیونیکیشن نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے پی ٹی سی ایل حکام کو ہدایت کی کہ فلش فائبر آپٹک کی سہولت کو جھالاوان میڈیکل کالج خضدار تک فوری طور پر پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کے طلباء کو ریسرچ، آن لائن لائبریری اور بین الاقوامی میڈیکل جرنلز تک رسائی کیلئے تیز رفتار انٹرنیٹ ناگزیر ہے۔ اس کے علاوہ کالج کے ملازمین کی بائیو میٹرک حاضری اور آن لائن ریکارڈ کے نظام کو بھی اس سے فعال کیا جاسکے گا جس سے شفافیت اور تعلیم کے معیار میں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کے پرنسپل ڈاکٹر ارشاد و دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔

بقیہ 43

پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں صنعتی اخراج پر قابو پانے، شجرکاری مہمات کو فروغ دینے اور شہری علاقوں میں ماحولیاتی بہتری کیلئے جدید اقدامات کا آغاز کردیا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ صوبائی مشیر تسیم الرحمن خان ملاخیل نے مزید کہا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ماحولیاتی اہداف کا حصول ممکن نہیں، لہٰذا شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کیلئے آگاہی مہمات کو وسعت دی جا رہی ہے۔ تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے تعاون سے ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دیا جائے گا

بقیہ 44

بروقت تکمیل کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ وفد نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل، امن و امان کے قیام اور ترقیاتی سرگرمیوں میں دلچسپی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر عملدرآمد مزید تیز کیا جائے گا۔ اس موقع پر کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے وفد کو یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، پائیدار امن کے قیام اور عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور قانون کی عملداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ کمشنر نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، جبکہ ترقیاتی اسکیموں میں شفافیت، معیار اور عوامی ضروریات کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے

بقیہ 45

کے مطابق عبدالرحمٰن نے 1100 میں سے 1022 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن، عبداللہ جان کاکڑ نے 1007 نمبر حاصل کر کے دوسری جبکہ جمشید نے 1005 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس شاندار کامیابی پر گورنمنٹ کالج آف کامرس، کوئٹہ کے اساتذہ، طلبہ اور والدین نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے طلبہ کی انتھک محنت، اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے حکومتِ بلوچستان کی مسلسل کاوشوں کا ثمر قرار دیا

بقیہ 46

احسام الدین کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نوید لطیف، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج بارکھان نور اللہ، پرنسپل گورنمنٹ گرلز انٹر کالج صغریٰ اشرف، پی ایس ٹو کمشنر حاجی حبیب خان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران امیدواروں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تمام امیدواروں کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا مکمل موقع فراہم کیا گیا۔ ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار نے متعلقہ افسروں کو ہدایت کی کہ تمام شکایات کو میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق نمٹایا جائے تاکہ کنٹریکٹ بنیادوں پر اساتذہ کی بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر منصفانہ، شفاف اور قانون کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے

بقیہ 47

قمبرانی، چیئرمین خضدار پریس کلب کے چیئرمین ایوب بلوچ، ایس ایچ او خضدار سٹی منیر احمد جتک، گورنمنٹ کنٹریکٹر عرفان گنگو انجینئر یونس رمضان موسیانی، بلدیاتی نمائندہ تنزیل بارانزئی کریم بلوچ و دیگر معززین بھی موجود تھے۔ افتتاح کے بعد ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ واک ٹریک طلبہ، نوجوانوں اور شہریوں کو صحت مند طرز زندگی اپنانے کا موقع فراہم کرے گا۔ حکومت کی کوشش ہے کہ خضدار میں کھیلوں اور تفریح کی بنیادی سہولیات کو فروغ دیا جائے تاکہ لوگ اپنی مصروف زندگی سے وقت نکال کر جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں

بقیہ 48

بحران کے دوران کسانوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے دن رات بھرپور کوششیں کیں، انہوں نے کہا کہ حالیہ پانی کی شدید قلت کے باعث علاقے میں دھان اور دیگر فصلوں کے بیج جلنے کے شدید خدشہ پیدا ہو گیا تھا، تاہم صوبائی وزیر سردار زادہ میر فیصل خان جمالی اور میر ضرار خان جمالی نے محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے مسلسل رابطے، مؤثر حکمت عملی اور عملی اقدامات کے ذریعے نہ صرف مٹھڑی شاخ، قبو شاخ بلکہ دیگر متاثرہ شاخوں میں بھی زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنائی، جس کے نتیجے میں ٹیل کے علاقوں تک پانی پہنچ گیا اور ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہی سے محفوظ رہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ سردار گھرانہ ہمیشہ کسانوں، زمینداروں اور عوامی مفادات کا حقیقی ترجمان رہا ہے۔ زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں اس خاندان کی خدمات قابل قدر اور ناقابل فراموش ہیں۔ موجودہ زرعی بحران میں بھی جس انداز سے سردار زادہ میر فیصل خان جمالی اور میر ضرار خان جمالی نے ذاتی دلچسپی لے کر کاشتکاروں کی آواز متعلقہ حکام تک پہنچائی، وہ عوامی خدمت کی روشن مثال ہے

بقیہ 49

مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کا خون بھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کر کے انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ گورنر مندوخیل نے شہید ڈی ایس پی مرید بلیدی کے سوگوار خاندان سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں،

بقیہ 50

کوئٹہ میں جماعتی نظم و نسق کو مزید فعال اور منظم بنانے کے لیے یکم اگست سے تمام ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کا فیصلہ کیا گیا جن کے لیے ضلعی مجلسِ عاملہ کے اراکین پر مشتمل 10 کمیٹیاں تشکیل دے کر ان کا باقاعدہ شیڈول جاری کر دیا گیا۔ یہ کمیٹیاں تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے یونٹوں کے عاملہ اراکین سے ملاقات کرنے مسائل و تجاویز سننے اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنے اپنے مقررہ یونٹوں کا دورہ کریں گی۔ اجلاس میں عوامی، سماجی اور شہری مسائل کے حل کے لیے مختلف کمیٹیوں کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔ یہ کمیٹیاں متعلقہ سرکاری اداروں اور حکام سے مسلسل رابطے کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں گی۔ فیصلہ کیا گیا کہ کمیٹیوں کے اراکین روزانہ کی بنیاد پر ضلعی دفتر میں موجود رہیں گے جہاں کارکنوں اور شہریوں کے مسائل سن کر ان کے بروقت حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ اور پیروی کی جائے گی۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سمیت ضلعی مجلسِ عاملہ کے اراکین، تحصیلوں اور یونٹوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے جس کی اصل قوت اس کے کارکنان مضبوط تنظیم اور عوامی خدمت میں مضمر ہے۔ موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ جماعت کے ہر ذمہ دار اور کارکن میں احساسِ ذمہ داری، نظم و ضبط اور میدانِ عمل میں بھرپور فعالیت نمایاں ہو۔ اجلاس میں ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا حفیظ اللہ، حافظ رشید احمد، حافظ دوست محمد مینگل، حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ مسعود احمد، حافظ سراج الدین، حاجی قاسم خان خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی محمد شاہ لالا، عبدالصمد حقیار، مولانا شعیب جدون، مفتی نیک محمد، شاہ زاہد مشوانی، حافظ محمد عارف شمشیر، مفتی ابوبکر، مفتی رضا خان، میر سرفراز شاہوانی، حاجی ظفر کاکڑ، سیٹھ اجمل بازئی، مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطاء محمد شمشوزئی، حافظ حبیب الرحمٰن نے شرکت کی

بقیہ 51

مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ براہ راست ٹرانسپورٹ، اشیائے خورونوش، ادویات اور روزمرہ استعمال کی تمام اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے دعوے تو کرتی ہے، مگر عملی اقدامات سے مہنگائی کا طوفان کھڑا کر رہی ہے۔ ایک طرف عوام بے روزگاری، غربت اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، دوسری جانب پٹرولیم قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کرکے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کو واقعی عوام کا احساس ہے تو نمائشی اعلانات کے بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی کرے، بصورت دیگر ٹرانسپورٹرز، مزدور، تاجر اور عوام احتجاج کا آئینی حق استعمال کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

بقیہ 52

انجینئرنگ، پی پی ایچ آئی اور دیگر متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع چمن کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، بین الادارہ رابطہ، عوامی خدمات کی بہتری، جاری ترقیاتی منصوبوں، صحت و تعلیم کے شعبوں کی کارکردگی، صفائی ستھرائی، شہری سہولیات اور دیگر اہم انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بروقت اور معیاری سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری، شفافیت اور باہمی تعاون کے ساتھ انجام دیں تاکہ عوامی مسائل کو بروقت حل کیا جاسکے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے، بین المحکمہ رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے اور ضلع میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے تمام ادارے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کریں۔

بقیہ 53

دکان کو سیل کر دیا۔ کارروائی کے دوران ایس ڈی پی او غلام اکبر بھی اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ موجود تھے، جبکہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی مشترکہ ٹیم نے دکان کا معائنہ کیا۔ ابتدائی جانچ کے دوران دکان کے مالک کی جانب سے اسلحہ کی خرید وفروخت کیلئے مطلوبہ قانونی لائسنس پیش نہ کیا جا سکا، جس پر بلوچستان آرمز ایکٹ 2022 کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دکان کو فوری طور پر سیل کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے دکان کے مالک کو ہدایت کی کہ وہ ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان سے باقاعدہ لائسنس حاصل کر کے تمام قانونی تقاضے پورے کرے، بصورت دیگر دکان سیل رہے گی اور قانون کے مطابق مزید کارروائی بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے

بقیہ 54

دوٹرکوں کو روک کر ان سے چاول لوٹ لیے اور فرار ہوگئے۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے مزید تحقیقات شروع کردیں۔

بقیہ 55

حکام کو ہدایت جاری کی کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوری، مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں اور تمام تکنیکی رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کیا جائے۔ دورے کے دوران چیف آفیسر میونسپل کمیٹی غلام سرور رند، وائس چیئرمین شہروز جمالی، میر شیراز خان جمالی، عادل حسین جمالی، غلام مرتضیٰ لاشاری، سماجی رہنما نور محمد جمالی، میر فردین جمالی، میر ذیشان جمالی، سابق کونسلر عبدالکریم جمالی سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے، جنہوں نے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی اور شہری مسائل کے حوالے سے اپنی تجاویز بھی پیش کیں، بعدازاں تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ گنداخہ کے عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 56

سے زائد میں دستیاب۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں ان دنوں امن وامان کی مخدوش صورتحال کے باعث بذریعہ سڑک سفر کی سہولیات متاثر ہوئی ہیں جبکہ سیکورٹی خدشات سمیت دیگر وجوہات کی بناء پر ٹرینوں کی بندش کے باعث ہنگامی طور پر سفر کیلئے عوام ہوائی جہاز کے سفر کو ترجیح دے رہے ہیں تاہم مختلف ایئر لائنز کے ٹکٹ انتہائی مہنگے داموں فروخت کیے جا رہے ہیں۔ بدھ سے جمعہ کے دوران پی آئی اے کا کوئٹہ سے کراچی کا یک طرفہ کرایہ 54 ہزار سے زائد، کوئٹہ سے اسلام آباد کا کرایہ 49 ہزار 5 سو سے زائد، کوئٹہ سے لاہور کا کرایہ 32 ہزار 5 سو روپے سے مختص کیا گیا ہے۔ اسی طرح فلائی جناح کا کوئٹہ سے اسلام آباد کیلئے ٹکٹ 1 لاکھ 5 ہزار 186 روپے، کوئٹہ سے کراچی کا ٹکٹ 89 ہزار 494 روپے، کوئٹہ سے لاہور کا ٹکٹ 26 ہزار 228 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے ساتھ ہی ایئر سیال کا کوئٹہ سے کراچی کا یک طرفہ کرایہ 89 ہزار 255 روپے ہے

بقیہ 57

وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر مولوی حسین احمد کو غیر قانونی طور پر حراست میں رکھا گیا ہے یا ان پر کسی قسم کا ذہنی وجسمانی تشدد کیا جا رہا ہے تو یہ ایک نہایت سنگین، غیر انسانی اور آئین و قانون کے منافی اقدام ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، مولوی حسین احمد کو بحفاظت بازیاب کرایا جائے، ان کے اہل خانہ کو حقائق سے فوری آگاہ کیا جائے اور اگر اس واقعے میں کوئی فرد یا ادارہ قانون شکنی کا مرتکب پایا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے تمام سیاسی، مذہبی، سماجی اور انسانی حقوق کی تنظیموں، علماء کرام، وکلاء، صحافی برادری اور باشعور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے پر مؤثر آواز بلند کریں تاکہ مولوی حسین احمد کی جان و سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے اور ان کے اہل خانہ کی بے چینی کا جلد از جلد خاتمہ ہو۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مولوی حسین احمد کو اپنی حفاظت میں رکھے، انہیں جلد از جلد خیریت کے ساتھ ان کے اہل خانہ سے ملا دے اور ملک میں امن، انصاف اور قانون کی بالادستی قائم فرمائے۔

بقیہ 58

حب شہر میں ایک نجی میڈیکل اسٹور میں اتارتے وقت اچانک صحافیوں نے چھاپہ مارا اور ایمبولینس ڈرائیور سے جب پوچھا گیا تو اسکے پاس کوئی قانونی دستاویزات موجود نہیں تھے جبکہ میڈیکل اسٹور مالک کا موقف تھا کہ مجھے سوشل سیکورٹی ہسپتال کیلئے اکثر ایمرجنسی میں ادویات لے جاتے ہیں آج کچھ ادویات واپس لائے گئے ہیں مگر اسٹور مالک بھی کوئی قانونی دستاویزات فراہم کرنے سے قاصر رہا صحافیوں نے سوشل سیکورٹی ہسپتال حب کی ادویات مبینہ چوری رنگے ہاتھوں پکڑ کر حب پولیس کے حوالے کی تو حب پولیس رات گئے تک قانونی کارروائی سے گریزاں تھی جبکہ دوسری جانب ذرائع کے مطابق مبینہ چوری پکڑنے کے بعد کمشنر بیسی بھی فوراً میدان میں کود پڑے اور اپنی ماتحت بیسی آفیسران کو بچانے کیلئے فون کرتے رہے اور اس دوران پولیس حکام کو بھی کانپتے ہوئے دیکھا گیا اور خبر جنگلات میں آگ کی طرح پھیلی تو مزدور یونین کے رہنماء بھی پولیس تھانے پہنچے اور پولیس سے فوری قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا مگر رات گئے تک حب پولیس کسی بھی قسم کے قانونی کارروائی سے انکار کررہی تھی پولیس کیجانب سے بھی حدود کا بہانہ تو بھی دفعات سے انجان رہنے کے بہانے کیے جا رہے تھے۔

بقیہ 59

میڈیکل بورڈ نے مریضوں کے مکمل چیک اپ اور ضروری دستاویزات کی جانچ کے بعد ان کی معذوری کے مطابق درجہ بندی کی بعد ازاں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مستحق افراد کو معذوری کے سرٹیفکیٹس جاری کیے

بقیہ 60

پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانا اور انہیں جدید تدریسی طریقوں، مؤثر ابلاغ اور طلبہ کی ہمہ جہت شخصیت سازی سے متعلق مہارتوں سے روشناس کرانا تھا تاکہ وہ کلاس روم میں زندگی کی بنیادی مہارتوں کو مؤثر انداز میں فروغ دے سکیں۔ تربیت کے دوران شرکاء کو تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت، مؤثر رابطہ کاری، جذباتی ذہانت، مثبت فیصلہ سازی، خود اعتمادی، باہمی احترام، صنفی حساسیت، قیادت، تعاون اور ذمہ دار شہری ہونے جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی اور عملی رہنمائی فراہم کی گئی۔ اساتذہ نے گروپ سرگرمیوں، کردار نگاری، مباحثوں، عملی مشقوں اور اشتراکی تدریسی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا، جس کے ذریعے انہیں جدید تدریسی تکنیکوں کو کلاس روم میں نافذ کرنے کے مؤثر طریقہ ؟ کار سے آگاہی حاصل ہوئی۔ تربیت میں شریک اساتذہ نے پروگرام کو نہایت مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ لائف اسکلز بیسڈ ایجوکیشن موجودہ دور کے تعلیمی نظام کی ایک ناگزیر ضرورت بن چکی ہے۔ ان کے مطابق اس تربیت سے نہ صرف تدریسی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا بلکہ طلبہ کی ذہنی، جذباتی اور سماجی نشوونما، تعلیمی کارکردگی اور مثبت طرز فکر کو بھی فروغ ملے گا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ حاصل کردہ مہارتوں کو اپنی تدریسی سرگرمیوں کا مستقل حصہ بنائیں گے تاکہ تعلیمی ادارے صرف نصابی تعلیم تک محدود نہ رہیں بلکہ باکردار، باشعور، بااعتماد اور ذمہ دار شہریوں کی تربیت کے مؤثر مراکز بھی بن سکیں۔

بقیہ 61

مقصد بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث تعلیمی سرگرمیوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لورالائی کے متعدد سرکاری تعلیمی ادارے طویل عرصے سے بجلی کی غیر یقینی فراہمی کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ گرمی کے موسم میں بجلی کی بندش سے کلاس رومز میں پنکھے اور دیگر برقی سہولیات بند رہنے کے باعث طلبہ اور اساتذہ کو دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس کے منفی اثرات تدریسی عمل پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ اس صورتحال کے پیش نظر رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی سفارش پر متعلقہ اسکولوں میں جدید سولر سسٹم نصب کیے جائیں گے تاکہ تعلیمی سرگرمیاں بلاتعطل جاری رہ سکیں۔ حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا کہ تعلیم کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ضلع کے طلبہ کو جدید اور بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 62

مواصلات میر سلیم خان کھوسہ کے فنڈ سے کاکڑ محلہ ماجھی پور کو بجلی فراہم کردی گئی۔ منصوبے کا باقاعدہ افتتاح بابو میر جان محمد خان کھوسہ نے کیا تقریب کے اختتام پر حسین بخش کاکڑ، حبیب اللہ کاکڑ اور استاد ذوالفقار علی کاکڑ اور کاکڑ برادری نے افتتاحی تقریب میں شرکت کرنے والے معزز مہمانوں صحافی حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس عوامی فلاحی منصوبے سے کاکڑ محلّہ کے مکینوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے اور انہیں بجلی کی بہتر سہولت میسر آئے گی

بقیہ 63

میں مبتلا مریض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفایاب ہو رہے ہیں۔ حکیم حاجی محمد پنھل سیال کی دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ادویات سے مستفید ہونے والے ایک مریض، محمد انور نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ طویل عرصے سے مختلف طبی مسائل کا شکار تھے انہوں نے بتایا کہ میں نے کراچی، جیکب آباد اور حب چوکی کے نامور ڈاکٹروں سے علاج کروایا اور

بقیہ 64

کارروائی، گرفتاری اور واٹر سپلائی بند کی جائے گی۔ اجلاس میں تمام ٹینکر مالکان کو ہدایت کی گئی کہ وہ حفاظتی اقدامات پر عمل کریں، تمام ٹینکروں کی اگلی اور پچھلی لائٹس فعال رکھیں اور ڈرائیوروں کے ڈرائیونگ لائسنس بنوانے اور ان کی تجدید کا عمل جلد مکمل کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 65

گوہر عمرانی سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون و دیگر سامان چھین لیا مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے انکو زخمی کردیا گیا جبکہ ملزمان فرار ہوگئے زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 66

جانب سے بلاک کردیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کیلئے انہوں نے 2013 سے کئی کمیٹیاں کی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، درخواست گزار نے انصاف کے حصول کیلئے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ سے اجنبی شخص کو نکال کر درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کیا جائیں۔

بقیہ 67

اضلاع، ڈویژنوں، تحصیلوں اور یونین کونسلوں میں جماعت کی فعال تنظیم، عوامی پذیرائی اور سیاسی اثر و رسوخ اس حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ جمعیت علماء اسلام ہی بلوچستان کی واحد حقیقی اکثریتی نمائندہ جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے بلوچستان کے باشعور عوام نے ہر انتخاب میں جمعیت علماء اسلام پر اپنے غیر متزلزل اعتماد کا اظہار کیا ہے، تاہم افسوس کہ منظم انتخابی انجینئرنگ، نتائج میں غیر فطری ردوبدل اور عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے کی روایت کے ذریعے بارہا جمعیت علماء اسلام کے حق نمائندگی کو سلب کیا گیا، جس سے نہ صرف جمہوری اقدار مجروح ہوئیں بلکہ عوام کے آئینی اور جمہوری حق رائے دہی کی بھی سنگین پامالی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس تمام ناانصافی اور سیاسی سازشوں کے باوجود جمعیت علماء اسلام کی عوامی مقبولیت میں مسلسل اضافہ ہوا ہے اور آج بلوچستان کا ہر طبقہ، ہر مکتبہ فکر اور ہر خطہ جمعیت علماء اسلام کی قیادت، دیانت، اصولی سیاست اور عوامی خدمت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کر رہا ہے

بقیہ 68

مسافروں کو نشانہ بنانے کے واقعات نے ثابت کردیا ہے کہ حکومت بلوچستان اور متعلقہ سیکیورٹی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں۔ صوبے میں عملاً حکومتی رٹ ختم ہوچکی ہے جبکہ قومی شاہراہیں دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دی گئی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ قومی شاہراہوں پر مسلسل بدامنی کے باعث پرچون گڈز ٹرانسپورٹرز کی جاری ہڑتال نے بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں اشیائے خورونوش اور روزمرہ استعمال کی ضروری اشیاء کی ترسیل کو شدید متاثر کردیا ہے۔ آٹا، چینی، گھی، دالیں، ادویات اور دیگر ضروری اشیاء کی ترسیل میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے، جس کے باعث کئی اضلاع میں قلت اور قیمتوں میں اضافے کے خدشات بڑھتے جا رہے ہیں۔ اگر حکومت نے فوری اور مؤثر اقدامات نہ کیے تو آنے والے دنوں میں بلوچستان کو اشیائے ضروریہ کی شدید قلت، مہنگائی اور تجارتی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جس کا براہِ راست نقصان عام شہریوں کو اٹھانا ہوگا۔

بقیہ 69

اللہ کاکڑ اور ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف لورالائی کے رجسٹرار ڈاکٹر خالد خان، فیکلٹی آف بیسک، سوشل اینڈ سائنسز کے ڈین ڈاکٹر عبدالصمد، ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC)، ڈپٹی ڈائریکٹر کیو ای سی ڈاکٹر نقیب اللہ، ڈاکٹر عبدالغفور، ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کے فارماسسٹ محمد اعظم اور الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل (AHPC) کی ایکریڈیٹیشن ٹیم کے اراکین بھی موجود تھے، جو تعلیمی تعاون کے سلسلے میں یونیورسٹی کے دورے پر آئے ہوئے تھے۔ اس معاہدے کے تحت دونوں ادارے کلینیکل ٹریننگ، انٹرن شپ، کلینیکل روٹیشنز، مشترکہ تحقیقی منصوبوں، فیکلٹی کے باہمی تعاون، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور کمیونٹی ہیلتھ پروگرامز کے فروغ کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ خصوصی طور پر ڈاکٹر آف فزیکل تھیراپی (DPT)، بی ایس آپٹومیٹری اور بی ایس اینستھیزیا ٹیکنالوجی کے طلبہ کو اس اشتراک سے بھرپور عملی تربیت اور جدید طبی ماحول میں سیکھنے کے بہترین مواقع میسر آئیں گے، جس سے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا

بقیہ 70

نے مریضوں کے مکمل چیک اپ اور ضروری دستاویزات کی جانچ کے بعد ان کی معذوری کے مطابق درجہ بندی کی بعد ازاں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مستحق افراد کو معذوری کے سرٹیفکیٹس جاری کیے

بقیہ 71

جتک، ڈاکٹر عبدالغفار ہاشمی، ڈاکٹر عارف لہڑی ڈاکٹر محمد رفیق لہڑی ڈاکٹر نصیر عمرانی، ڈاکٹر حماد اللہ زہری، ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی، سب ڈویژنل آفیسر پی اینڈ آر ذوالفقار علی لہڑی، میر مزا مینگل ڈاکٹر عبدالفتح لہڑی خان جان بنگلزئی، قبائلی رہنما عبدالرؤف لہڑی، اقلیتی رہنما داسو مل، ہرپال داس میڈیکل ایسوسی ایشن کے مختیار جتک ارباب پندرانی سمیت مرد وخواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر بہاول لہڑی نے کہا کہ ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ اور مؤثر ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے

بقیہ 72

افسوسناک واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے صوبے میں امن وامان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال، ریاستی اداروں کی ناکامی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں سنگین غفلت کا ایک اور المناک مظہر قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ، بالخصوص پشتون اضلاع، گزشتہ کئی برسوں سے بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا، شاہراہوں پر مسلح حملوں، بھتہ خوری، لوٹ مار اور عوامی ونجی املاک کو نقصان پہنچانے جیسے سنگین واقعات کی لپیٹ میں ہیں، مگر وفاقی اور صوبائی حکومتیں اور متعلقہ ادارے امن کے قیام، قانون کی مؤثر عملداری اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ قومی اور بین الاضلاعی شاہراہوں پر سفر کرنے والے مسافر، ٹرانسپورٹرز، تاجر اور عام شہری مسلسل عدم تحفظ کا شکار ہیں، جس کے باعث نہ صرف عوام میں خوف وہراس بڑھ رہا ہے بلکہ تجارتی، کاروباری اور معاشی سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ نوشکی میں دس گاڑیوں کو نذر آتش کیے جانے کا واقعہ نہ صرف متاثرہ ٹرانسپورٹرز کیلئے ایک بڑا معاشی نقصان ہے

بقیہ 73

خان عمرانی، گورنمنٹ شلٹر لیس بوائز پرائمری سکول یار محمد پندرانی، گورنمنٹ شلٹر لیس سکول مہراب خان عمرانی، گورنمنٹ بوائز مڈل سکول سلطان احمد ہجوانی میں اضافی کمروں کی تعمیر، اور بلیک ٹاپ روڈ سنجر خان جتک شامل ہیں دورے کے دوران مقامی افراد نے نئے تعمیر شدہ سکولوں میں اساتذہ کی فوری تعیناتی کا مطالبہ کیا، جس پر ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ اگست کے مہینے میں اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی تاکہ تعلیمی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز ممکن ہو سکے ڈپٹی کمشنر نے تمام جاری و مکمل شدہ منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے کام کے معیار، رفتار اور شفافیت کا تفصیلی معائنہ کیا انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ترقیاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 74

کے باوجود ادائیگی نہیں کی گئی، جس کے باعث وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق افغان مہاجر کیمپ گردی جنگل، چاگئے اور پوستی سے افغان مہاجرین کے انخلا کے دوران ضلعی انتظامیہ کیلئے گاڑیاں فراہم کرنے والے گاڑی مالکان عطاء اللہ گمشادزئی، وسیم نوتیزئی، وکیل احمد، عبدالظاہر اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال افغان مہاجرین کے انخلا کے دوران ضلع بھر سے مہاجرین کو گاڑیوں کے ذریعے افغانستان کی سرحد تک پہنچایا گیا۔ گاڑی مالکان کے مطابق اس دوران گاڑیوں کے فیول، ڈرائیورز کے اخراجات اور دیگر تمام اخراجات انہوں نے اپنی جیب سے ادا کیے اور بعض گاڑی مالکان نے اس مقصد کیلئے قرض بھی لیا، تاہم ایک سال گزرنے کے باوجود انہیں واجبات کی ادائیگی نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے ذمے ہر گاڑی مالک کے لاکھوں روپے واجب الادا ہیں۔

بقیہ 75

خان بھٹو کے انتقال پر سندھ کے کونے کونے سے سیاسی، سماجی، ادبی اور وکلاء تنظیموں کے رہنماؤں نے میرپور بھٹو پہنچ کر تعزیت کی۔ تعزیت کرنے والوں میں عامر خان بھٹو، سابق رکن قومی اسمبلی شاہد خان بھٹو، سردار اظہر خان کماریو، سردار علی نواز گھاگھر ایڈووکیٹ، سردار صفدر علی مٹھانی، سردار برہان خان چانڈیو، سردار ذوالفقار خان سیلرو، سردار وقار احمد جانوری، انور علی جانوری ایڈووکیٹ، ایاز بھاگت، میر مظفر خان ٹالپر، رئیس ناصر خان بھرگڑی، کامریڈ لیاقت علی پنہور، میاں خیر الدین انڈھڑ، رئیس شہزادو خان بھٹو، سیف علی بھٹو ایڈووکیٹ، رئیس عطاء اللہ خان بھٹو، سید صوفن شاہ امروٹی، بیرسٹر بلند خان جونیجو، نیاز حسین ابڑو، قاضی منظور، وحید بیگ لاڑک (ڈی ایس پی)، پرویز احمد پیچوہو، علی محمد ابڑو، نثار احمد مغیری، الطاف انصاری، محمد پناہ چنہ، عبدالرحمٰن بھٹو ایڈووکیٹ، ڈاکٹر ازم ابڑو، صدام علی ابڑو، ڈاکٹر عبدالمنان بھٹو، محمد یعقوب سنائی، بشیر احمد بھٹو، سعد اللہ بھٹو، رحمت علی بھٹو، توفیق احمد جمالی، عمران علی جمالی، ریاض حسین مری، اسد اللہ بھٹو، منور نذیر بھٹو، میاں جمال ناصر انڈھڑ، محمد وارث بھٹو (انسپکٹر)، غلام نبی بھٹو، نجیب چانڈیو، شاہنواز بروہی، میر ہزار خان بروہی، سعد اللہ چانڈیو، عدیل احمد ہلیو، وسیم علی بھٹو، سید زرار حسین شاہ، سلطان احمد بھٹو، وریل خان چانڈیو، حضور بخش بروہی، مجیب خان تنیو، اشوک کمار، میر باز خان بروہی، بولو خان بروہی، جاوید احمد جیہو، نیاز حسین جلبانی، گلشیر خان خروس، صدر الدین بھٹو، عبدالقدیر بھٹو، انیس الرحمٰن جونیجو، جلیل الرحمٰن جونیجو، رضا عباس منگنیجو اور دیگر شامل تھے۔ تعزیت کرنے والوں نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 76

تھانے کی حدود روپا پل کے مقام پر گزشتہ شب نامعلوم چور کھاد ڈیلر کے دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کی کھاد کی بوریاں چوری کر کے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی

اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی ورلڈ بینک کے ساتھ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کر رہے ہیں

لیکچرار ڈاکٹر محمد وارث رشید نے ملائشیا میں کارپوریٹ فنانس کی پی ایچ ڈی حاصل کر لی

جنوبی ایشیا میں گرین فنانس کے شعبے میں ایک نمایاں علمی پیش رفت اور قابلِ قدر تحقیقی اضافہ قرار دیا جا رہا ہے

تربت(خ ن)یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کامرس کے لیکچرار ڈاکٹر محمد وارث رشید نے ملائشیا کی ایک معروف جامعہ سے اسکول آف مینجمنٹ میں کارپوریٹ فنانس کے شعبے میں کامیابی کے ساتھ پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کر لی ہے جو جامعہ، صوبہ بلوچستان اور ملک کے اعلیٰ تعلیمی شعبے کیلئے ایک اہم اور قابلِ فخر علمی کامیابی ہے۔ ڈاکٹر محمد وارث رشید کا (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

اپ لفٹنگ آف رکھنی ٹاؤن وری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے اہم جائزہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن)سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان کے زیرصدارت اپ لفٹنگ آف رکھنی ٹاؤن وری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی سی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

حکومت جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائیگی' شکیل قادر

حکومت بلوچستان جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال کو جنوبی بلوچستان کا ایک جدید اور مثالی طبی مرکز بنانے کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے گی

ہسپتال کی تمام ضروریات، جدید طبی آلات، افرادی قوت اور مالی وسائل کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ/گوادر(خ ن)چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیرِ انتظام بلوچستان بھر میں قائم مختلف ہسپتالوں کی کارکردگی اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں خصوصی طور پر جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال گوادر کی موجودہ صورتحال، دستیاب سہولیات، آئندہ توسیعی منصوبوں اور درپیش ضروریات پر تفصیلی غور (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ کالج آف کامرس، کوئٹہ کے طلبہ نے تینوں پوزیشنیں اپنے نام کر لیں

کوئٹہ(خ ن) گورنمنٹ کالج آف کامرس، کوئٹہ کے طلبہ نے ہائر سیکنڈری اسکول سٹیفکیٹ (HSSC) سالانہ امتحان 2026 کے کامرس گروپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی، دوسری اور تیسری تینوں پوزیشنیں اپنے نام کر لیں۔ امتحانی نتائج (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

امن و امان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' ولی محمد بڑیچ

حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

لورالائی (خ ن)لورالائی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے کمشنر کو ضلع میں صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق عوامی مشکلات سے آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ شہر لورالائی میں BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

خضدار، ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے دورے پر ہیں جہاں نیو واک تعمیر کیا گیا ہے اس موقع پر چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ حافظ حمید اللہ مینگل انجینئر سلیم رزاق عمرانی ودیگر موجود ہیں

اساتذہ کی بھرتیوں سے شکایات کے ازالے کیلئے قائم شکایات ازالہ کمیٹی (CRC) کا اجلاس

بارکھان/رکھنی (خ ن) ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار کی زیرِ صدارت محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ بنیادوں پر اساتذہ کی بھرتیوں سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کے ازالے کے لیے قائم شکایات ازالہ کمیٹی (CRC) کا اجلاس کمشنر آفس رکھنی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بارکھان (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

سیوی' ویکسینیٹرز کی استعداد کار میں اضافے کیلئے دو روزہ ریفریشر ٹریننگ

سیوی (خ ن)ضلع سیوی میں حفاظتی ٹیکہ جات کے توسیعی پروگرام (EPI) کے تحت ویکسینیٹرز کی استعداد کار میں اضافے کیلئے دو روزہ ریفریشر ٹریننگ کا انعقاد ہوا۔ ٹریننگ کا انعقاد ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس سبی کے زیر اہتمام کیا گیا

پٹرول میں چالیس روپے اضافہ کرکے ایک روپیہ کم کرنا لوٹ مار ہے' ٹرانسپورٹرز

پٹرولیم مصنوعات میں بھاری اضافہ عوام اور ٹرانسپورٹ سیکٹر پر معاشی حملہ ہے۔ ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ(پ ر) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ ، جنرل سیکرٹری وزیر خان کاکڑ نے حکومت کی جانب روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بھاری اضافے کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول میں چالیس روپے اضافہ کرکے اگلے ہی دن ایک روپیہ کمی کا اعلان کرنا عوام اور ٹرانسپورٹ شعبے کے ساتھ سنگین مذاق ہے۔ یہ اقدام کسی ریلیف کے بجائے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کا غیر قانونی اسلحہ کے کاروبار کیخلاف کارروائی' ایک دکان کو سیل

لورالائی (خ ن)ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کے احکامات اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے غیر قانونی اسلحہ کے کاروبار کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے شہر میں بغیر لائسنس قائم اسلحہ کی ایک (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے' حبیب احمد بنگلزئی

عوام کو بروقت اور معیاری سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت ضلع کوآرڈینیشن کمیٹی اور ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی (DCC&DDC) کا ایک اہم اور مشترکہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سیکیورٹی فورسز، محکمہ صحت، محکمہ تعلیم، بلدیاتی اداروں، مواصلات و تعمیرات، آبپاشی، پبلک ہیلتھ (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ تفتان قومی شاہراہ پر چاول کے دوٹرکوں کو لوٹ لیا گیا

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ تفتان قومی شاہراہ پر چاول کے دوٹرکوں کو لوٹ لیا گیا۔ پولیس کے مطابق منگل کو ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں گوڈین کے مقام پر کوئٹہ تفتان این 40 شاہراہ پر مسلح افراد نے چاول سے لدے (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

سٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال صحبت پور میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ اہتمام شیڈول میڈیکل بورڈ کا انعقاد

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) میر ظہور حسین کھوسہ میموریل ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال صحبت پور میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ اہتمام شیڈول میڈیکل بورڈ کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر چیئرمین کمیٹی ایم ایس ڈاکٹر مقصود احمد کھوسہ ڈاکٹر مظہر علی کھوسہ ماہر امراضِ چشم ڈاکٹر زاہد حسین چنہ اور سوشل ویلفیئر آفیسر محمد وسیم کھوسہ نے معذور افراد کا تفصیلی طبی معائنہ کیا میڈیکل بورڈ (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

دکی، ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی خیر اللہ ناصر سے قبائلی عمائدین ایک وفد ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی یونیورسٹی اور ٹیچنگ ہسپتال کے درمیان اہم مفاہمتی یادداشت پر باضابطہ دستخط

طبی تعلیم و تحقیق کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی اور ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کے درمیان تعلیمی، طبی، تحقیقی اور پیشہ ورانہ تعاون کو فروغ دینے کیلئے ایک اہم مفاہمتی یادداشت (MoU) پر باضابطہ دستخط کر دیے گئے۔ یہ معاہدہ خطے میں طبی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور طلبہ کو عملی تربیت کے مزید مواقع فراہم کرنے کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ مفاہمتی یادداشت پر یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

نوشکی' دس گاڑیوں کو نذرِ آتش کیا جانا افسوسناک ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں گزشتہ شب ضلع نوشکی کے علاقے پدگ کوچکی میں مسلح افراد کی جانب سے دس گاڑیوں کو نذرِ آتش کیے جانے کے (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ اور مؤثر ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے' ڈاکٹر بہاول لہڑی

لیور ٹرانسپلانٹ پیتھالوجسٹ ڈاکٹر بہاول لہڑی کی سربراہی میں ہیپاٹائٹس سے آگاہی کیلئے ایک بڑی ریلی

نصیر آباد(خ ن) ہیپاٹائٹس کے عالمی دن کے موقع پر ضلع نصیر آباد میں بلوچستان کے ماہر کنسلٹنٹ لیور ٹرانسپلانٹ پیتھالوجسٹ ڈاکٹر بہاول لہڑی کی سربراہی میں ہیپاٹائٹس سے آگاہی کیلئے ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جو ڈی ایچ او آفس سے شروع ہو کر سول ہسپتال روڈ اور کمشنر آفس سے ہوتی ہوئی واپس ڈی ایچ او آفس پہنچی۔ ریلی میں ڈسٹرکٹ چیئرمین فرید الحق لہڑی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی، ایم ایس ڈاکٹر حبیب پندرانی، ماہر امراض قلب ڈاکٹر محمد اسماعیل (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

تمبو میں نامعلوم چور دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے کی کھاد لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو نامعلوم چور کھاد ڈیلر کی شاپ کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کی کھاد چوری کر کے فرار ہوگئے پولیس کے مطابق تمبو منجھو شوری پولیس (بقیہ 76 صفحہ 3 پر)

سردار امیر بخش بھٹو سے چچا کے انتقال پر میرپور بھٹو میں دوسرے روز بھی تعزیت کا سلسلہ جاری

میرپور بھٹو (رپورٹ: عابد بھٹو) سردار امیر بخش بھٹو سے چچا کے انتقال پر میرپور بھٹو میں دوسرے روز بھی تعزیت کا سلسلہ جاری تفصیلات کے مطابق نواب سردار امیر بخش خان بھٹو سے ان کے چچا اور مرحوم نواب سردار ممتاز علی بھٹو کے بڑے بھائی، نوابزادہ عاشق علی (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے' وریندر لعل

حکومت بلوچستان عوام کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد یقینی بنا رہی ہے

نصیر آباد(خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد، وریندر لعل نے ایس ڈی او بلڈنگ عابد حسین پہنور کے ہمراہ ضلع بھر میں مالی سال 2024-25 اور 2026 کے دوران مکمل ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ زیر جائزہ منصوبوں میں گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول گوٹھ اللہ ڈنہ خان عمرانی میں اضافی کمروں کی تعمیر، گورنمنٹ شلٹر لیس بوائز پرائمری سکول فرید (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

افغان مہاجرین کے انخلا میں کام کرنیوالے 118 گاڑی مالکان معاوضے سے محروم

ہر گاڑی کے لاکھوں روپے ضلعی انتظامیہ کے ذمے واجب الادا ہیں، تاہم ایک سال گزرنے کے باوجود ادائیگی نہیں کی گئی

دالبندین (این این آئی) افغان مہاجرین کے انخلا میں کام کرنے والے 118 گاڑی مالکان معاوضے سے محروم افغان مہاجرین کے انخلا کے دوران ضلعی انتظامیہ کیلئے خدمات انجام دینے والے 118 گاڑی مالکان تاحال اپنے معاوضے سے محروم ہیں۔ گاڑی مالکان کے مطابق ہر گاڑی کے لاکھوں روپے ضلعی انتظامیہ کے ذمے واجب الادا ہیں، تاہم ایک سال گزرنے (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ پانی کے مسئلے کے حل کے حوالے سے واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان سے ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے وفد کی ملاقات

پینشن سسٹم کی پائیداری صوبے کی سماجی و معاشی حفاظت کیلئے ناگزیر ہے' شکیل قادر خان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB) کے سینیئر پبلک سیکٹر سپیشلسٹ ثناء مسعود کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی، جس میں صوبے میں جاری و آئندہ ترقیاتی منصوبوں، صوبائی فنانشل مینجمنٹ کے نظام میں بہتری، اور آمدنی (ریونیو) کے حصول کے طریقوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے صوبائی حکومت کو ریونیو موبلائزیشن، پبلک انویسٹمنٹ مینجمنٹ (PIM) اور صوبائی ویلتھ مینجمنٹ کے شعبوں میں اصلاحات اور استعداد کاری کے لیے ایک جامع پروپوزل پیش کیا۔

سردار ایاز صادق سے حیدرآباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کے وفد کی ملاقات

مضبوط پارلیمانی نظام، آزاد عدلیہ اور باصلاحیت وکلاء کسی بھی جمہوری معاشرے کی مضبوط بنیاد ہوتے ہیں

اسلام آباد(خ ن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے حیدرآباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کے وفد کی ملاقات میں شرکت کی۔ ملاقات کے دوران آئینی و پارلیمانی امور، قانون کی بالادستی، جمہوری اداروں کے استحکام اور وکلاء برادری کے کردار سمیت اہم قومی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

نصیر آباد، ہیپاٹائٹس کے عالمی دن کے موقع پر بلوچستان کے کنسلٹنٹ لیور ٹرانسپلانٹ پیتھالوجسٹ ڈاکٹر بہاول لہڑی اور ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز جمالی کی قیادت میں شعور آگاہی کے سلسلے میں ریلی نکالی جا رہی ہے

سردار گھرانہ ہمیشہ کسانوں، زمینداروں اور عوامی مفادات کا حقیقی ترجمان رہا ہے' سید لیاقت علی شاہ

آج ٹیل کے علاقوں تک زرعی پانی کی فراہمی سے کسانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے

گنداخہ: (نامہ نگار) معروف سیاسی و سماجی شخصیات سید لیاقت علی شاہ، میر محمد حسن ڈومکی، میر محمد صادق مرئی، میر محمد عارف سرپرہ، احسان اللہ مینگل اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مٹھڑی شاخ، قبو شاخ سمیت دیگر ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی ٹیل تک فراہمی کا سہرا صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی اور نوجوان عوامی رہنما میر ضرار خان جمالی کی مسلسل، مؤثر اور انتھک جدوجہد کو جاتا ہے، جنہوں نے شدید زرعی پانی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے احاطے میں واک ٹریک کا باقاعدہ افتتاح

واک ٹریک طلبہ، نوجوانوں اور شہریوں کو صحت مند طرز زندگی اپنانے کا موقع فراہم کرے گا

خضدار(خ ن) شہریوں کو صحت مند سرگرمیاں فراہم کرنے کیلئے ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے احاطے میں واک ٹریک کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ تختی کی نقاب کشائی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کی۔ اس موقع پر میجر اسرار، چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ، انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین بشیر احمد جتک، ایگزیکٹو آفیسرز انجینئر سلیم رزاق عمرانی، انجینئر عبدالرؤف (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا BHU کنگری' راڑہشم اور کھجوری کا تفصیلی دورہ

موسیٰ خیل(خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر خان ایسوٹ نے BHU کنگری BHU راڑہشم اور BHU کھجوری کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر IHHN کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مجیب الرحمٰن صاحب بھی موجود تھے۔ دورے کا مقصد بنیادی مراکز صحت میں (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

بارکھان' بستی ملک گل خان ماڑا میں چکن پاکس کے مشتبہ کیسز سامنے آنے کی اطلاعات

بارکھان(خ ن) ضلع بارکھان کے علاقے کوڈی زکریانی، بستی ملک گل خان ماڑا میں چکن پاکس (Chickenpox) کے مشتبہ کیسز سامنے آنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جس پر مقامی آبادی میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے محکمہ صحت بلوچستان، ضلعی (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے سابق سینیٹر سید الحسن مندوخیل سے اور روزی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

منیجر پی پی ایچ آئی گوادر کا بی ایچ یو نوگوڈو کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی پی پی ایچ آئی اور حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے' ڈاکٹر مرشد دشتی

گوادر(خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور حکومتِ بلوچستان کی ہدایات کے مطابق دور دراز علاقوں میں معیاری اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بنیادی مراکزِ صحت کی مؤثر نگرانی کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مرکزِ صحت (بی ایچ یو) نوگوڈو کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے عملے کی حاضری، او پی ڈی ریکارڈ، ادویات (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر خضدار سے ڈویژنل انجینئر پی ٹی سی ایل اعجاز احمد ملاقات

انٹرنیٹ کی سہولت جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کیلئے انتہائی ضروری ہے

خضدار(خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے ڈویژنل انجینئر پی ٹی سی ایل خضدار اعجاز احمد اور ایس ڈی او پی ٹی سی ایل خضدار وسیم وہاب زہری نے ان کے آفس میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع خضدار میں انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل سہولیات کی توسیع (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں' نسیم الرحمٰن

آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کیلئے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے

تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے تعاون سے ماحول دوست طرزِ زندگی کو فروغ دیا جائے گا' صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز جیسے فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کیلئے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان کا رکھنی میں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

کوئٹہ(این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے رکھنی میں دہشت گرد حملے کے نتیجے میں جام شہادت نوش کرنے والے ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

جمعیت کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے نمائندہ اجلاس

کمیٹیوں کے اراکین روزانہ کی بنیاد پر ضلعی دفتر میں موجود رہیں گے

کوئٹہ(پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی دفتر کوئٹہ میں منعقد ہوئے۔ اجلاس میں تنظیمی امور، عوامی مسائل، امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، عوام کو درپیش مشکلات اور آئندہ کے تنظیمی لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جے یو آئی کے مرکزی ترجمان حافظ حمد اللہ کے بھتیجا راولپنڈی میں اغواء ہوگیا

مولوی حسین احمد کے مبینہ اغوا پر حافظ محمد صدیق مدنی کی شدید مذمت اور فوری بازیابی کا مطالبہ

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ترجمان سابق سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ کے بھتیجے اور مدرسہ تعلیم القرآن چمن کے نائب مہتمم و امام خطیب مولانا حافظ حمید اللہ کے نوجوان عالم دین بیٹے مولوی حسین احمد کے مبینہ اغوا کی خبر پر سماجی و سیاسی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ ممبر یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان اور رکن مجلس شوریٰ جمعیت علماء اسلام صدر چمن حافظ محمد صدیق مدنی نے اپنے ایک مذمتی بیان میں اس واقعے پر گہرے رنج (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

شاہراہوں کی مخدوش صورتحال' ہوائی جہاز کے کرایوں میں ہوش ربا اضافہ

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان میں قومی شاہراہوں پر امن و امان کی مخدوش صورتحال اور آئے روز ٹرینوں کی بندش کے باعث ہوائی جہاز کے کرایوں میں ہوش ربا اضافہ کوئٹہ سے اسلام آباد کا ٹکٹ 1 لاکھ جبکہ کراچی کا 89 ہزار (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

صحبت پور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ اہتمام شیڈول میڈیکل بورڈ کا انعقاد

ڈاکٹر مقصود احمد کھوسہ ڈاکٹر مظہر علی کھوسہ ماہر امراضِ چشم ڈاکٹر زاہد حسین چنہ اور سوشل ویلفیئر آفیسر محمد وسیم کھوسہ نے معذور افراد کا تفصیلی طبی معائنہ کیا

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) میر ظہور حسین کھوسہ میموریل ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال صحبت پور میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ اہتمام شیڈول میڈیکل بورڈ کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر چیئرمین کمیٹی ایم ایس ڈاکٹر مقصود احمد کھوسہ ڈاکٹر مظہر علی کھوسہ ماہر امراضِ چشم ڈاکٹر زاہد حسین چنہ اور سوشل ویلفیئر آفیسر محمد وسیم کھوسہ نے معذور افراد کا تفصیلی طبی معائنہ کیا (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

گنداخہ کے عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے' جاوید اختر جمالی

بلدیاتی مسائل کے حل کیلئے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں

گنداخہ (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے گنداخہ واٹر سپلائی اسکیم کی کارکردگی، پانی کی فراہمی اور شہریوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لینے کے لیے ایلیسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شکر اللہ، ایس ڈی او ریاض احمد جمالی اور سب انجینئر میر احمد زہری کے ہمراہ تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر واٹر سپلائی نظام کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

50 بیڈ سوشل سیکورٹی ہسپتال حب سے ادویات کی مبینہ چوری صحافیوں نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا

حب (این این آئی) 50 بیڈ سوشل سیکورٹی ہسپتال حب سے ادویات کی مبینہ چوری صحافیوں نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس کارروائی سے گریزاں، تفصیلات کے مطابق منگل کے روز 50 بیڈ سوشل سیکورٹی ہسپتال حب سے سرکاری ایمبولینس میں بھاری مقدار میں ادویات (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں لائف اسکلز بیسڈ ایجوکیشن تربیتی پروگرام کا انعقاد

اساتذہ کو جدید تدریسی مہارتوں سے آراستہ کرنے کی کامیاب کاوش

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ زندگی کی عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے مقصد کے تحت International-ACT نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے آبادی (UNFPA) کے اشتراک اور حکومت بلوچستان کے محکمہ اسکول ایجوکیشن کے تعاون سے ضلع لورالائی میں لائف اسکلز بیسڈ ایجوکیشن (LSBE) کے تحت اساتذہ کی جامع تربیت کا کامیاب انعقاد کیا۔ تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد اساتذہ کی (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

تعلیم کا فروغ اولین ترجیحات میں شامل ہے' حاجی طور اتمانخیل

لورالائی کے مختلف سرکاری اسکولوں میں سولر انرجی سسٹم نصب کرنے کے منصوبے کی منظوری دے دی گئی ہے

ضلع لورالائی کے متعدد سرکاری تعلیمی ادارے طویل عرصے سے بجلی کی غیر یقینی فراہمی کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں

لورالائی (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی کاوشوں سے سرکاری اسکولوں میں سولر سسٹم نصب کرنے کی منظوری، ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی خصوصی کاوشوں سے صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام (PSDP) کے تحت ضلع لورالائی کے مختلف سرکاری اسکولوں میں سولر انرجی سسٹم نصب کرنے کے منصوبے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ منصوبے کا (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں لائف اسکلز بیسڈ ایجوکیشن کے تحت اساتذہ کی تربیتی پروگرام کے شرکاء

ڈیرہ اللہ یار' ایک آدمی موٹر سائیکل پر فریج اٹھا کر لے جا رہا ہے (فوٹو بلوچستان آبزرور)

مانجھی پور: کاکڑ محلہ میں بجلی کی فراہمی، افتتاحی تقریب

بابو جان محمد خان کھوسہ نے نئے بجلی ٹرانسفارمر کا افتتاح کیا

صحبت پور (نامہ نگار وقار احمد کاکڑ) مانجھی پور کا کاکڑ محلہ میں بجلی کی فراہمی، افتتاحی تقریب منعقد بابو جان محمد خان کھوسہ نے نئے بجلی ٹرانسفارمر کا افتتاح کیا۔ افتتاح کے بعد دعائے خیر بھی کی گئی۔ علاقے کی معزز شخصیت اور یوسی چیئرمین مانجھی پور میر محمد آصف خان کھوسہ کی خصوصی کوششوں، سردار داؤد خان کھوسہ اور بابو میر محمد خان کھوسہ کی کاوشوں سے صوبائی وزیر تعمیرات و (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

بابو جان محمد خان کھوسہ نئے بجلی ٹرانسفارمر کا افتتاح کے بعد علاقہ معززین کے ہمراہ دعا کر رہے ہیں

حاجی محمد پنہل سیال کی جانب سے مریضوں کا فی سبیل اللہ علاج اور دم درود کا سلسلہ جاری

ملک بھر سے آنے والے مختلف امراض میں مبتلا مریض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفایاب ہو رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار۔ (بیورو چیف) صحبت پور کے شہر بھنڈ شریف کے معروف روحانی و جڑی بوٹیوں کے معالج حاجی محمد پنہل سیال کی جانب سے مریضوں کا فی سبیل اللہ (مفت) علاج اور دم درود کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث ملک بھر سے آنے والے مختلف امراض (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ کی زیرِ صدارت واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کا اجلاس

کم عمر بچوں اور بغیر قومی شناختی کارڈ کے کسی بھی شخص کو واٹر ٹینکر چلانے کی اجازت نہیں ہوگی' محمد انور کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیرِ صدارت واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹریفک پولیس، سیکریٹری آر ٹی اے اور ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کم عمر بچوں اور بغیر قومی شناختی کارڈ کے کسی بھی شخص کو واٹر ٹینکر چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے قریب گڑھی خیرو روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر علی (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ چیئرمین دکی سے مختلف قبائلی عمائدین پر مشتمل ایک نمائندہ وفد کی ملاقات

دکی (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین دکی حاجی خیر اللہ ناصر سے مختلف قبائلی عمائدین پر مشتمل ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، حالیہ چوری کی وارداتوں، عوام کو درپیش مسائل اور علاقائی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

جمعیت علماء اسلام ہی بلوچستان کی واحد حقیقی اکثریتی نمائندہ جماعت ہے' دلاور خان کاکڑ

جمعیت علماء اسلام آج بلوچستان کے طول و عرض میں سب سے مضبوط، منظم، عوامی اور نظریاتی سیاسی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام آج بلوچستان کے طول و عرض میں سب سے مضبوط، منظم، عوامی اور نظریاتی سیاسی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے۔ صوبے کے تمام (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمتین کا 25 دن میں بلاک شناختی کارڈ بحال کروا دیا

بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمتین کا 25 دن میں بلاک شناختی کارڈ بحال کروا دیا گیا۔ درخواست گزار عبدالمتین نے بتایا کہ انکے خاندانی ریکارڈ میں اجنبی شخص کا اندراج ہو گیا تھا۔ جس کی وجہ سے انکا شناختی کارڈ نادرا کی (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، فٹبال ایسوسی ایشن واشک کے صدر عادل آلہ بلوچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شاہراہیں دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دی گئی ہیں' رحیم کاکڑ

حکومت بلوچستان اور متعلقہ سیکیورٹی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین، حاجی سعد اللہ اچکزئی، حاجی ہاشم کاکڑ، محمد جان آغا درویش، عبدالخالق آغا، حاجی ظفر کاکڑ، غفار لانگو، نعمت ترین، نقیب کاکڑ، بسم اللہ ترین، کلیم کمالزئی، اللہ داد اچکزئی، نعمت آغا، حاجی صالح نورزئی اور دیگر کابینہ اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال، قومی شاہراہوں پر دہشت گردوں کی آزادانہ نقل و حرکت، تاجروں اور ٹرانسپورٹروں پر حملوں، مال بردار گاڑیوں کو نذرِ آتش کرنے اور (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)